★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 26 شعبان المعظم 1446ھ، 25 فروری 2025ء، 13 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 123

کلائمیٹ فنانسنگ کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات

آئی ایم ایف نے گرین بجٹنگ کی ٹیگنگ، ٹریکنگ اور مانیٹرنگ پر مذاکرات کیے، کلائمیٹ فنانسنگ کی مد میں پاکستان کو آئی ایم ایف سے ڈیڑھ ارب ڈالر تک ملنے کی توقع ہے: ذرائع



پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کا تبادلہ کیا جارہا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ڈیڑھ ارب ڈالر کی کلائمیٹ فنانسنگ کے نئے قرضے کیلئے مذاکرات شروع ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق کلائمیٹ فنانسنگ کے نئے قرضے پر مذاکرات کیلئے آئی ایم ایف کا ٹیکنیکی وفد جلد ہی پاکستان پہنچے گا، آئی ایم ایف وفد 28 فروری تک پاکستان میں قیام کرے گا، کلائمیٹ فنانسنگ کی مد میں پاکستان کو آئی ایم ایف سے ڈیڑھ ارب ڈالر تک ملنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق تین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم اور صدر آذربائیجان کی ملاقات، تجارت کے فروغ سمیت دیگر امور پر گفتگو

باکو (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور آذربائیجان کے صدر کے درمیان اہم ملاقات ہوئی ہے۔ دو روزہ دورہ آذربائیجان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

آئی ایم ایف کا 4 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا، تکنیکی مذاکرات شروع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کا 4 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا، تکنیکی مذاکرات کا آغاز ہوگیا، وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق وفد 2 روز تک پاکستانی حکام سے ملاقاتیں کرے گا۔ وفد نے پنج سالہ حکام سے وزارت خزانہ میں تعارفی ملاقات کی۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ڈیڑھ ارب ڈالرز ملنے کی توقع ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی موجودگی میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان متعدد معاہدوں پر دستخط، شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی کامیابیوں پر فخر ہے، صدر الہام علیوف، دوستی پر تمام سیاسی جماعتوں میں اتفاق ہے، شہباز شریف، مشترکہ پریس کانفرنس

پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان متعدد معاہدے

ایک ماہ میں حتمی شکل دینے پر اتفاق

وزیراعظم شہباز شریف کو آذربائیجان کے صدارتی محل زوولیا آمد کے موقع پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے وزیراعظم شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا

پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں و معاہدوں پر دستخط، شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی کامیابیوں پر فخر ہے، صدر الہام علیوف، دوستی پر تمام سیاسی جماعتوں میں اتفاق ہے، شہباز شریف، مشترکہ پریس کانفرنس



باکو: وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور آذربائیجان کے صدر دون آن ون ملاقات کر رہے ہیں

باکو: وزیراعظم شہباز شریف کی زوولیا محل آمد، گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے مرکزی دروازے پر شہباز شریف کا استقبال کیا، پرجوش مصافحہ

باکو (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف صدر آذربائیجان سے ملاقات کیلئے صدارتی محل زوولیا پہنچ گئے۔ آذربائیجان کے زوولیا محل آمد پر آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے مرکزی دروازے پر وزیراعظم شہباز شریف کا پرجوش مصافحہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف کو گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا، گارڈ آف آنر کے دوران دونوں ملکوں کا قومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

لاہور ہائی کورٹ نے قبضہ مافیا کے ملزمان کی ضمانت مسترد کر دی

سرکاری اراضی کو ناجائز قبضے سے واگزار کروانے کا عمل جاری رہے گا، مریم اورنگزیب

ملتان (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ جنگلات کی جانب سے قبضہ مافیا کے خلاف جاری آپریشن میں اہم پیش رفت

ملزمان کی درخواست ضمانت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی نے سفارتی دہشتگردی شروع کر رکھی ہے، احسن اقبال

پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا اور بین الاقوامی تنظیمیں پاکستان کے خلاف مہم جوئی کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سفارتی دہشت گردی اور بین الاقوامی تنظیمیں پاکستان کے خلاف مہم جوئی کر رہی ہیں، آج تک پتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پیکا: وفاقی حکومت نے درخواست پر جواب جمع کرانے کیلئے مہلت مانگ لی

کیس بنیادی انسانی حقوق کے آرٹیکل 19 اے کا نہ ہوتا تو آج ہی مسترد کر دیتے، سندھ ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے پیکا ایکٹ کے خلاف درخواست پر جواب جمع کرانے کیلئے سندھ ہائی کورٹ سے مہلت مانگ لی۔ قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ جسٹس جنید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

3 ٹرانسفر جج کیخلاف سپریم کورٹ میں پٹیشن، اسلام آباد ہائی کورٹ کی مکمل حمایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے 3 ٹرانسفر جج کے خلاف 5 ججز کی سپریم کورٹ میں دائر پٹیشن کی مکمل حمایت کر دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ بار، سپریم کورٹ بار اور سپریم کورٹ بار کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: ریسکیو آپریشن جاری، چشمی سرمز، پنجاب خواجہ سلمان رفیق فنوں کا جواب دے رہے ہیں

سینیگال، سعودیہ، عمان سمیت 8 ملکوں سے مزید 45 پاکستانی بے دخل

5 کو کراچی میں انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل کی حراست میں دے دیا گیا

کراچی (این این آئی) سینیگال سے انسانی اسمگلنگ کے لیے پہنچے 3 نوجوانوں سمیت 8 ملکوں سے مزید 45 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا، جن میں سے 5 کو کراچی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

گورنر خیبر پختونخوا کا اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا نام تبدیل کرنے کا مطالبہ

صدر، وزیراعظم کے نام خط میں ایئرپورٹ کو بینظیر بھٹو کے نام سے منسوب کرنے کی درخواست



لاہور: چیئرمین پنجاب پروفیشنل اتھارٹی حنا پرویز بٹ پریشن منظر لاہور کا افتتاح کر رہی ہیں

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا نے اسلام آباد ایئرپورٹ کا نام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

اسرائیل سے 620 فلسطینیوں کی رہائی تک مذاکرات نہیں کریں گے، حماس

تل ابیب (این این آئی) حماس کے سینئر رہنما محمود مرداوی نے کہا ہے کہ جب تک 620 فلسطینی رہا نہیں ہو جاتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پاک سعودی تجارتی تعلقات مزید مضبوط، حجم 700 ملین ڈالر تک پہنچ گیا

سعودی سرمایہ کاروں کا پاکستان کے تعمیراتی شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاک سعودی تجارتی تعلقات مضبوط سے مضبوط تر ہوتے جا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں دونوں ممالک کے مابین تجارتی حجم 700 ملین ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

ملیر: مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء کا پاک آرمی کے ساتھ خوشگوار دن

عسکری حکام کا طلبہ کو سوشل میڈیا پر پروپیگنڈہ سے بچنے اور مثبت استعمال کی تلقین

کراچی (این این آئی) ملیر کینٹ پر چین میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء نے پاک آرمی کے ساتھ خوش گوار دن گزارا۔ شرکے 11 اسکول و کالجز کے 500 سے زائد طلباء اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

آرٹیکل 245 والی دلیل مان لیں تو فوج اپنے اداروں کا دفاع کیسے کریگی؟

آئینی بینچ

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بنچ کیس کی سماعت کر رہا ہے، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی بنچ میں شامل ہیں

سویلینز کی ایک کنٹیگری بھی آرمی ایکٹ کے زمرے میں آتی، تفریق کیسے ہوگی کہ کونسا سویلین آرمی ایکٹ میں آتا ہے اور کون نہیں، جسٹس امین الدین

اسلام آباد (این این آئی) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے خلائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے ریمارکس میں کہا ہے کہ آرٹیکل 245 والی دلیل مان لیں تو فوج اپنے اداروں کا دفاع کیسے کریگی؟ آرٹیکل 245 کا حوالہ اس کیس میں غیر متعلقہ ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بنچ کیس کی سماعت کر رہا ہے، جسٹس جمال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مٹ جائیگا سیاہ معاشی استحکام کیلئے بنیادی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، وزیر خزانہ

قومی ایئر لائن کو بچانے کیلئے دوبارہ لائیں گے، محمد اورنگزیب صوبائی اسمبلیوں سے زرعی ٹیکسوں سے متعلق بلوں کی منظوری اہم پیشرفت ہے: محمد اورنگزیب

بینکنگ سیکٹر نے ٹیکس کی ادائیگی میں تیل وگیس کے شعبے کو پیچھے چھوڑ دیا، تمام فنانس منسٹرز کا اتفاق ہے جو ہمارے ہاتھ میں ہے اس پر توجہ کی ضرورت ہے، خطاب

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بینکنگ سیکٹر کا کہنا ہے کہ ٹیکس کی ادائیگی میں تیل وگیس کا شعبہ سب سے آگے ہے۔ کراچی میں پاکستان بینکنگ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان بینکنگ سیکٹر کا مجموعی منافع 2025 کے اقتدار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

ایئر مارشل نور خان کی برسی آج منائی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) ایئر مارشل نور خان کی 25 ویں برسی آج منائی جائیگی، تقریب میں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سمیت اعلیٰ فوجی افسران شرکت کریں گے، تقریب میں ایئر مارشل نور خان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائیگا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

شہباز شریف اور محسن نقوی کیخلاف اندراج مقدمہ کی درخواست خارج

درخواست گزار نے وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ دیگر کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی استدعا کر رکھی تھی

اسلام آباد (این این آئی) شہباز شریف اور محسن نقوی سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے لیے 22 اے کی درخواست خارج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد نے وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت دیگر کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست خارج کر دی تھی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس



وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ضلع بھر میں شادی ہالز کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری

ماتحت افسران کو ہدایت

ملتان (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈی سی ملتان نے شادی ہالز کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھنے کا حکم دیدیا۔ پنجاب بھر میں ہالز کے خلاف کارروائیوں کی نگرانی کیلئے کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ ہالز کے خلاف شکایات کیلئے ہیلپ لائن 1139 بھی قائم کر دی گئی ہے۔ ڈی سی ملتان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے ہالز کے خلاف کارروائی کی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پنجاب، رمضان المبارک کیلئے سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے لیے پنجاب میں سکولوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

لاہور: معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ پلڈاٹ ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کر رہی ہیں

مریم نواز کو علی امین سے بہتر لیڈر بنانے کی ضرورت ہے، بیرسٹر سیف

جعلی وزیر اعلیٰ نے سڑک کو نہیں قومی خزانے کو چونا لگا دیا، لاہور کا گرین لائن منصوبہ مریم نواز کے تمام ترقیاتی منصوبوں کی عکاسی کرتا ہے

ترقیاتی منصوبوں میں کام سے زیادہ کمیشن لینا مسلم لیگ (ن) کا پرانا وطیرہ ہے: ترجمان خیبر پختونخوا حکومت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے ترجمان بیرسٹر محمد علی سیف نے پنجاب حکومت اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ جعلی وزیر اعلیٰ نے سڑک کو چونا لگانے کی کوشش میں گرین لائن منصوبہ مریم نواز کے تمام ترقیاتی منصوبوں کی طرح کرپشن کی بھینٹ چڑھا دیا۔ بیرسٹر سیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

شیری کی بازیابی کے بعد فیملی کی اسی اہل میں شامل کرنے پر عدالت برہم

اسلام آباد (این این آئی) شیری کی بازیابی کے بعد فیملی کے افراد کی اسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

حکومت مخالف اتحاد کو توسیع دینے کے معاملے میں پیش رفت

تحریک تحفظ آئین پاکستان اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس نے مشترکہ کمیٹی تشکیل دیدی

کراچی (این این آئی) حکومت مخالف اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس نے مشترکہ کمیٹی تشکیل دیدی۔ ذرائع کے مطابق گرینڈ اپوزیشن الائنس کو توسیع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)



روڈ دونوں اطراف سے ٹریفک کیلئے بند

اسلام آباد (این این آئی) لاء اینڈ آرڈر کے پیش نظر سری نگر ہائی وے زیرو پوائنٹ سے پریڈ ہوٹل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی اے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا ایڈمن آرڈر جاری نہ ہوسکا

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی اے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

کراچی: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب پاکستان بینکنگ سمیت سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت اسلامی ملک میں آئی ٹی کا انقلاب برپا کر رہی ہے، حافظ نعیم الرحمن

جماعت اسلامی ہنوتقاضا کے تحت دس لاکھ بچوں اور بچیوں کو مفت آئی ٹی ٹریننگ دے گی، پروگرام کا دائرہ کار پورے ملک میں پھیلا دیا جائے گا

پنجاب میں بچوں کو سکول بھیجنے کی بجائے سکولوں کو ہی این جی اوز کے حوالے کیا جا رہا ہے، پنجاب میں حکومت نہیں انتظامیہ کام کر رہی ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے شہنشاہ پور میں ہونہال پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا جماعت اسلامی ملک میں آئی ٹی کا انقلاب برپا کر رہی ہے، لاکھوں بچوں بچیوں کو مفت آئی ٹی کورسز کروائے، آئندہ روزگار کے قابل بنائیں گے، حکمرانوں کے مائنڈ سیٹ نے ملک میں مایوسی پھیلائی، نوجوان بھد کریں کہ مایوس ہونے کی بجائے ناامیدی پھیلانے والوں کو بیان کریں گے، حکمرانوں نے چند آئی پی ہیز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مخالفین پنجاب پر تنقید کر کے خبروں میں رہنے کی کوشش کرتے ہیں عظمیٰ بخاری

بائیکرلین کا رنگ روڈ کمپنی نے ایک سال کی گارنٹی پر ٹمپٹ کے طور پر لگایا، وہی کمپنی دوبارہ بائیکرلین کا رنگ کرے گی: بیرسٹر سیف کو جواب

جن کی اپنی کارکردگی بتانے لائق نہ ہو وہ دوسروں کے اچھے کاموں میں کیڑے ہی نکالتے ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سعید فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خواتین ہیلپ ہاٹ لائن پر شکایت کریں خبروں میں زندہ رہنے کی بھونڈی کوشش کرتے ہیں، پنجاب میں میٹرو، بس، اورنج ٹرین کے بعد اب ہیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سب کو دل کی بات کہنے کا موقع ملنا چاہیے، جاوید لطیف

اظہار رائے پر پابندی لگانے سے ملک کے مسائل حل نہیں ہوسکتے، کارکنوں سے خطاب

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف کا کہنا ہے کہ اظہار رائے پر پابندی لگانے سے ملک کے مسائل حل نہیں ہوسکتے، سب کو دل کی بات کہنے کا موقع ملنا چاہیے، پاکستان میں ریاست کو برا بھلا کہنے والوں کو الٹی مقام دیا جاتا ہے، حالانکہ ان کا بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

فوڈ چین ''ایلیک'' کا پاکستان میں اپنی برانچز کھولنے کا اعلان، روزگار کے مواقع متوقع

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

نماز جنازہ کے موقع پر اسرائیل نے حسن نصر اللہ کے قتل کے نئے مناظر شائع کر دیئے

تل ابیب (این این آئی) حزب اللہ کے سابق سیکرٹری جنرل حسن نصر اللہ کے نماز جنازہ کے موقع پر اسرائیل نے ان کے قتل کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

اسرائیلی فوج نے غزہ کے اطراف الرٹ کی سطح بڑھا دی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کی جانب سے غزہ کی پٹی میں دوبارہ لڑائی شروع کرنے کی دھمکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

اسرائیلی بحکلاف مزاحمت جاری رہے گی، ایرانی سپریم لیڈر کا اعلان

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے کہا ہے کہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف ایرانی مزاحمت جاری رہے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے کہا کہ دشمن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت کی درخواست مسترد

ہائیکورٹ آفس کا اعتراض برقرار، پی ٹی آئی کو حکومت کی ریڈ رسل کمیٹی سے رجوع کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی 22 جنوری کو مینار پاکستان میں جلسہ کرنے کی اجازت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ عدالت نے ہائیکورٹ آفس کا اعتراض برقرار رکھتے ہوئے درخواست خارج کر دی اور درخواست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



کراچی: بینظیر اکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر ڈاکٹر دینہ خالد منتخل پروگرام کے تحت خطاب کر رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ قوت لاہور

سٹی نیوز

شہر میں سٹریٹ کرائم کی نان سٹاپ وارداتیں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 290 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سٹریٹ کرائم کی نان سٹاپ وارداتیں جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 290 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ نئی کی وارداتوں میں معلوم چور شہر کے مختلف علاقوں میں 8 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحے کے زور پر مختلف علاقوں میں مختلف شہریوں سے 18 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فون چھین کر لے گئے، چھینا مار کارروائیوں میں ڈاکوؤں نے 6 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فون چھین لیے، جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں 29 موٹر سائیکلیں، 1 دیگر وہیکل، 5 موبائل چوری ہوگئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 223 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

شیرا کوٹ کے علاقے میں معمولی رنجش پر لڑائی کے دوران اللہ رکھا نامی شخص نے چھریوں کے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شیرا کوٹ کے علاقے میں معمولی رنجش پر لڑائی کے دوران اللہ رکھا نامی شخص نے چھریوں کے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا، پولیس نے اللہ رکھا کو موقع سے گرفتار کر لیا، پولیس ذرائع کے مطابق شیرا کوٹ کے علاقے شاہین آباد میں معمولی تلخ کلامی پر اللہ رکھا نے اپنے ہی نوجوان کو چھری کے وار سے زخمی کر دیا جسے فوری طور پر نجی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا، اطلاع ملنے پر پولیس نے ڈی ایس ایچ او ہسپتال کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا، ملزم اللہ رکھا کو موقع پر گرفتار کر کے اوپن اینڈ شٹ کیس درج کر لیا گیا، ملزم کو گرفتار کر کے ایڈیشنل سیشن جج کے حوالے کر دیا۔

اچھرہ کے علاقے میں طالب علم نے ساتھی کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اچھرہ کے علاقے میں طالب علم نے ساتھی کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، پولیس ذرائع کے مطابق شیرا کوٹ کے علاقے شاہین آباد میں معمولی تلخ کلامی پر اللہ رکھا نے اپنے ہی نوجوان کو چھری کے وار سے زخمی کر دیا جسے فوری طور پر نجی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا، اطلاع ملنے پر پولیس نے ڈی ایس ایچ او ہسپتال کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا، ملزم اللہ رکھا کو موقع پر گرفتار کر کے اوپن اینڈ شٹ کیس درج کر لیا، ملزم کو گرفتار کر کے ایڈیشنل سیشن جج کے حوالے کر دیا۔


چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان صوبہ میں پرائس کنٹرول اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ماہ رمضان میں اشیاء کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے پنجاب حکومت متحرک، مانیٹرنگ کیلئے ریئس لائن ڈیٹا تیار کرنے کی ہدایت

24 فروری کی اشیاء خورونوش کی قیمتوں کو بطور بیس لائن ڈیٹ لیا جائے گا، چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ

رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہم حکومت کی ترجیح، انتظامی افسران اشیاء کی مقررہ قیمت پر دستیابی یقینی بنائیں۔ زاہد اختر زمان

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر رمضان المبارک میں اشیاء کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے پنجاب حکومت پوری طرح متحرک ہے اور اس سلسلے میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے قیمتوں کی مؤثر مانیٹرنگ کیلئے بیس لائن ڈیٹا تیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں ڈپٹی کمشنر کے ویڈیو لنک اجلاس کے دوران جاری کیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 24 فروری کی اشیاء خورونوش کی قیمتوں کو بطور بیس لائن ڈیٹا لیا جائے گا اور ماہ مقدس کے دوران اشیاء کی قیمتوں کا موازنہ اسی بیس لائن ڈیٹا سے کیا جائیگا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، انتظامی افسران اشیاء کی مقررہ قیمت پر دستیابی یقینی بنائیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو حکم دیا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فیلڈ میں متحرک کیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اشیاء کی قیمتوں کیساتھ طلب اور رسد پر بھی نظر رکھی جائے، اتھاق پھلوں، سبزیوں سمیت کسی بھی شے کی قلت نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو واضح ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزوں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کا دورہ کریں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رمضان بازاروں میں 1 ہزار 112 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو آٹا 70 روپے، 1 کلو چینی 100 روپے، 1 کلو گھی 350 روپے، 1 کلو دال چنا 250 روپے، 1 کلو دال مسور 200 روپے، 1 کلو دال ماش 350 روپے، 1 کلو دال مونگ 300 روپے، 1 کلو چنا 200 روپے، 1 کلو کھجور 300 روپے، 1 درجن کیلا 200 روپے، 1 کلو سیب 300 روپے، 1 کلو انار 300 روپے، 1 کلو سنگترہ 200 روپے، 1 کلو پپیتا 200 روپے، 1 کلو امرود 200 روپے، 1 کلو ناشپاتی 200 روپے، 1 کلو آلو 100 روپے، 1 کلو ٹماٹر 100 روپے، 1 کلو پیاز 100 روپے، 1 کلو لہسن 400 روپے، 1 کلو ادرک 400 روپے، 1 کلو مرچ 400 روپے، 1 کلو دھنیا 400 روپے، 1 کلو ہلدی 400 روپے، 1 کلو کھیرا 100 روپے، 1 کلو ٹنڈا 100 روپے، 1 کلو توری 100 روپے، 1 کلو بھنڈی 100 روپے، 1 کلو کریلا 100 روپے، 1 کلو گوبھی 100 روپے، 1 کلو بند گوبھی 100 روپے، 1 کلو شملہ مرچ 100 روپے، 1 کلو گاجر 100 روپے، 1 کلو مٹر 100 روپے، 1 کلو پالک 100 روپے، 1 کلو میتھی 100 روپے، 1 کلو دھنیا 100 روپے، 1 کلو پودینہ 100 روپے، 1 کلو ہری مرچ 100 روپے، 1 کلو ہرا دھنیا 100 روپے، 1 کلو ہری پیاز 100 روپے، 1 کلو ہرا لہسن 100 روپے، 1 کلو ہرا ادرک

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 25 فروری 2025ء

سوشل میڈیا پر 2 فیصد اشرافیہ قابض ہے، حافظ نعیم

ملک میں 20 کروڑ ایسے افراد ہیں جن کی عمریں 40 سال تک جب کہ 30 سال کی عمر کے 65 فیصد افراد ہیں



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ملک میں 20 کروڑ ایسے افراد ہیں جن کی عمریں 40 سال تک جب کہ 30 سال کی عمر کے 65 فیصد افراد ہیں، ہیومن کیپیٹل کو مثبت انداز میں استعمال کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ معیشت مضبوط نہ ہو اور ملک ترقی نہ کرے وسائل پر دو فیصد اشرافیہ قابض ہے، یوتھ کو آگے بڑھنے کے مواقع دستیاب نہیں، انھیں جان بوجھ کر مایوس کیا جاتا ہے، تعلیمی اداروں میں منشیات عام ہے، عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے، جماعت اسلامی عوام اور خصوصی طور پر نوجوانوں کی اجتماعی قوت سے وہ انقلاب برپا کرے گی جس میں وسائل پر چند لوگ قابض نہ ہوں نوجوان مایوس نہ ہوں بلکہ ناامیدی پھیلانے والوں کو مایوس کریں، جماعت اسلامی نے ایک پرامن مزاحمتی، سیاسی، قلم اور کتاب کی تحریک کا آغاز کر دیا ہے، بتوقابل کے ذریعے ملک کے طول وعرض میں دس لاکھ بچوں اور بچیوں کو فری آئی ٹی تربیت فراہم کر کے انھیں روزگار کے ذرائع فراہم کریں گے، آئی ٹی یونیورسٹی بنا کر تمام بڑے شہروں میں کیمپس قائم کیے جائیں گے، بتوقابل کا دائرہ کار گھریلو خواتین تک پھیلا کر انھیں بھی آئی ٹی کی تربیت فراہم کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں ہزاروں بچوں اور بچیوں نے ٹیسٹ دیا، کامیاب ہونے والوں کو کمپیوٹر اور آئی ٹی سے آگاہی کے مختلف کورسز مفت کرائے جائیں گے شیخوپورہ میں یونیورسٹی کے قیام کیلئے بھی ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے اس سلسلہ میں پنجاب حکومت نے جو اعلان کر رکھا ہے اس پر فوری عملدرآمد کی ضرورت ہے تعلیم ہمارے بچوں کا بنیادی حق ہے ہم یہ خیرات میں نہیں مانگ رہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شیخوپورہ میں آئی ٹی مفت کورسز کے انٹری ٹیسٹ کے امیدواروں سے کرکٹ اسٹیڈیم میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔

پریس کلب شیخوپورہ کی تالہ بندی کے خلاف صحافیوں کا احتجاج 20 ویں روز بھی جاری رہا

احتجاجی کیمپ میں چیئرمین سپریم کونسل امجد نذیر بٹ، سینئر وائس چیئرمین حاجی ملک محمد بوٹا، وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی و دیگر نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کی تالہ بندی کے خلاف صحافیوں کا احتجاج 20 ویں روز بھی جاری رہا احتجاجی کیمپ میں چیئرمین سپریم کونسل امجد نذیر بٹ، سینئر وائس چیئرمین حاجی ملک محمد بوٹا، وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، ریجنل سیکرٹری فاروق ملک، گروپ لیڈر رانا محمد عثمان، سابق صدر رانا محمد سرور، یوسف سعید کھوکھر، جاوید معراج، رانا محمد اکرم، اعظم محمود ولانہ، میاں یاسر ندیم، حاجی یاسر ندیم شیخ، میاں شفیق، خاقان بھٹی، ثمر اقبال، عزیر شاہد، رانا ثناء اللہ، شیخ ثناء اللہ، طالب حسین، حنیف تبسم، حافظ عبدالرزاق، میاں شہباز حنیف، میاں عاقب، محسن شاد، شاہد ورک، احسن ہاشمی، حافظ طاہر، عثمان بٹ و دیگر ارکان اور صحافیوں نے شرکت کی اور اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا، مظاہرین نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ پریس کلب شیخوپورہ کی غیر قانونی بندش کا فوری نوٹس لیکر اسے ڈی سیل کرنے کا اعلان کیا جائے آزادی صحافت پر قدغن قابل قبول نہیں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ شیخوپورہ نے پریس کلب کی تالہ بندی کر کے صحافیوں کی آواز دبانے کی کوشش کی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ہم استحصال پر کسی صورت خاموش نہیں رہیں گے مظاہرین نے پریس کلب کی تالہ بندی کے خلاف شدید نعرے بازی اور پریس کلب ڈی سیل ہونے تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی سربراہی میں سالانہ محفل نعت کا انعقاد

محفل نعت میں خصوصی خطاب کیلئے پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد جمال الدین بغدادی آف راولپنڈی و دیگر کی شرکت



عارفوالا (حسنین ریپورٹر امتیاز احمد سے) جماعت اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام ہائی محفل کیلئے الحاج افتخار احمد رضوی، سہیل اشرف قادری، رجا ابوب، حافظ شعیب عزیز قادری، محمد عثمان قادری، احمد علی حاکم اور تلاوت قرآن پاک کی سعادت حاصل کرنے کیلئے قاری موثر رحمان یمنی جبکہ محفل کے شرکاء میں پیر سید محمد عبدالحق شاہ، سید صفدر حسین شاہ قادری، سید سرار حسین شاہ بخاری، سید اظہر حسین شاہ قادری، سید محمود اشرف شاہ مہر شاہ، حضرت پیر سید محمد فراز شاہ مشہدی و پیر سید محمد شیر ازشاہ قادری، سید ندر محمد شاہ مہر شاہ، پیر سید حسن اقبال شاہ سمیت صوبہ بھر سے علماء کرام و مشائخ عظام تشریف لائے ہیں اہل علاقہ و اہل ایمان کو محفل میں شرکت کی دعوت عام دی جاتی ہے۔

سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کے زیر اہتمام آگاہی کیمپ کا انعقاد

وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ اور مقامی نمائندگان نے آگاہی کیمپ میں شہریوں میں مفت ہیلمٹس تقسیم کئے



گوجرانوالہ (نوید بخاری وٹن محفوظ پنجاب کے تحت سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کے زیر اہتمام جی ٹی روڈ پر ٹریفک آگاہی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ اور مقامی نمائندگان، سول سوسائٹی نمائندگان اور میڈیا نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ آگاہی کیمپ کے موقع پر شہریوں میں مفت ہیلمٹس، روڈ سیفٹی گائیڈز اور پمفلٹس تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر وزیر صحت پنجاب اور سی ٹی او گوجرانوالہ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حادثات سے بچاؤ کا واحد حل ٹریفک قوانین پر عمل کرنا ہے۔ موٹر سائیکلسٹ کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ ہیلمٹ کا استعمال کریں۔ کیونکہ سر کی چوٹ جان لیوا ہوتی ہے۔ اور اس سے بچاؤ کا واحد حل ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کے ساتھ ہیلمٹ کا استعمال ہے۔ شہریوں میں ٹریفک شعور کی بیداری کے لیے آگاہی مہم جاری رہے گی۔ اور آج مفت ہیلمٹس کی تقسیم بھی اسی لئے ہے کہ شہریوں میں شعور اجاگر کیا جائے اور ان کو ہیلمٹ کی افادیت بارے بتایا جائے۔ سی ٹی او گجرانوالہ کا کہنا تھا کہ حادثات کا بڑا سبب ون وے کی خلاف ورزی بھی ہے۔ شہریوں کی ترجیح ہونی چاہیے کہ وقت سے زیادہ زندگی ضروری ہے۔ ابتدائی طور پر آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے، اس کے بعد سخت کریک ڈاؤن عمل میں لایا جائے گا۔ سی ٹی او گوجرانوالہ نے سول سوسائٹی نمائندگان اور میڈیا حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس مہم میں ساتھ دینے کی اپیل کی۔

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا حافظ آباد سٹی، جلالپور بھٹیاں، رسولپور تارڑ اور دیگر علاقوں کا دورہ

صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا جائزہ لیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے حافظ آباد سٹی، جلالپور بھٹیاں، رسولپور تارڑ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد بھی او ایم سی اکرام اللہ سندھو بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے راجہ چوک، ہسپتال روڈ، مین بازار، فوارہ چوک، کچہری بازار اور گوجرانوالہ روڈ سمیت دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کلین اپ کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو صفائی ستھرائی کے نظام میں بھی بہتری لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے جلالپور بھٹیاں کے مختلف بازاروں اور شاہراؤں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں پر بھی تجاوزات کے خلاف کی جانے والے کاروائیوں کا جائزہ لیا اور تمام تجاوزات کو بلاتفریق ختم کرنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے رسولپور تارڑ کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سیوریج نالوں کی صفائی اور وہاں کوڑے کے ڈھیر اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔

جماعت اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام اجلاس کا انعقاد، سالانہ اہداف پر تبادلہ خیال

اجلاس کی نظامت کے فرائض علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی (ناظم اعلیٰ) نے سرانجام دیئے

عارفوالا (نمائندہ خصوصی رانا ذیشان سے) جماعت اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام امیر صوبہ پنجاب پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی صدارت میں صوبائی اجلاس مجلس عاملہ صوبہ پنجاب کی تین ڈویژنز ملتان، بہاول پور اور ڈیرہ غازی خان کا اجلاس حلف برداری اور سالانہ اہداف جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب کا انعقاد بمقام الخیر لگژری ہوٹل نزد لکھیس ملز، علی پور روڈ مظفر گڑھ میں ہوا اجلاس کی نظامت کے فرائض علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی (ناظم اعلیٰ) نے سرانجام دیئے اجلاس میں علامہ قاری عبدالرحیم سعیدی نائب ناظم اول، ڈویژن ڈیرہ غازی خان سے پیر سید عابد حسین شاہ ممبر مجلس عاملہ، ڈویژن بہاول پور سے علامہ مفتی حامد علی سعیدی ممبر مجلس عاملہ اور ڈویژن ملتان سے ملک ناصر عباس ممبر مجلس عاملہ، علامہ ڈاکٹر پروفیسر حافظ غلام محی الدین تشنہ ندی نائب ناظم تعلیم و تبلیغ، علامہ عبد الغفور سعیدی (ممبر مجلس عاملہ، علامہ حافظ نعیم المصطفیٰ قادری (ناظم تعلقات عامہ پنجاب) اور تین ڈویژنوں کے ضلعی قائدین سمیت صوبائی عہدیداران، ممبران مجلس عاملہ پنجاب کے ڈویژنل اور ضلعی ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی اور دارالفانی سے رخصت ہونے والے عمائدین اہل سنت اور ان کے عزیز و اقارب کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی قائد اہل سنت پیر طریقت رہبر شریعت فخر السادات پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری نے صوبہ پنجاب کے نئے منتخب ممبران مجلس عاملہ صوبہ پنجاب اور عہدیداران سے ان کی ذمہ داریوں کا حلف لیا اور ڈویژنل سے یونین کونسل سطح تک کی تنظیم سازی، تمام شعبہ جات اور رکنیت سازی مہم اور سالانہ اہداف 2025 کو پورا کرنے کے لئے ڈویژنل و ضلعی قیادت کو ہدایات جاری کیں اور سنی ڈائری 2025 کی تیسری تقریب رونمائی صوبہ پنجاب کا اعزاز ہے کہ عہدیداران و کارکنان کی خواہش کے مطابق مرتب کی گئی ہے علاوہ ازیں آپ نے ڈویژن و ضلعی ذمہ داران کو بتایا کہ صوبہ پنجاب کے اہداف کو جو عہدیداران و کارکنان پورا کرنے میں کامیاب ہوں گے، ان کا اگلے سیشن میں چناؤ عمل میں لایا جائے گا علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم کی جانب سے واضح پیغام ہے کہ عاریوں، خلفاء، راشدین کی یوم وفات کے سلسلے میں عام تعطیل کا اعلان کیا جائے جماعت اہل سنت پاکستان نے 1953 سے تاجدار ختم نبوت کی تحریک شروع کی اور آج پاکستان بھر میں تاجدار ختم نبوت تحریک چل رہی ہے اس سلسلہ میں مختلف کانفرنسز اور تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔

کاروباری حضرات کی خدمت اور انکے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے: پیر نجم الحسن بودلہ

انجمن تاجران رجسٹرڈ چورستہ میاں خاں کی جانب سے سالانہ کارکردگی کے حوالے سے سیمینار کا رفیق مارکی میں انعقاد



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) کاروباری حضرات کی خدمت اور انکے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ پیر نجم الحسن بودلہ چیئرمین انجمن تاجران رجسٹرڈ چورستہ میاں خاں کی جانب سے سالانہ کارکردگی کے حوالے سے سیمینار کا رفیق مارکی میں انعقاد کیا گیا جس میں چوہدری افتخار حسین چھچھر ایم پی اے۔ میاں نورالامین وٹو ایم پی اے (ن لیگ) سردار خالد رؤف خان وٹو۔ سردار اللہ دتہ ٹھکر کا وٹو میاں عرفان احمد پروکا چھچھر حافظ جمشید اشرف صدر اتحاد پریس کلب دیپالپور، مظہر علی بھٹی، چوہدری نیاز احمد سہو محمد ایوب خاور۔ پیر نجم الحسن بودلہ چیئرمین۔ مہر مقبول احمد سیال صدر۔ محمد آصف جنرل سیکرٹری انجمن تاجران چورستہ میاں خاں تمام دکانداروں عہدیداران سمیت علاقہ بھر کی عوام نے شرکت کی انجمن تاجران چورستہ میاں خاں کے چیئرمین پیر نجم الحسن بودلہ نے اپنی یونین کی سالانہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھی اپنی یونین کی فلاح بہبود اور انکے حقوق کے تحفظ کی کارکردگی اور دکانداروں کو درپیش مسائل اور انکی ضروریات کو عوامی لیڈر میاں نورالامین وٹو چوہدری افتخار حسین چھچھر کے سامنے رکھے اور فوری حل کروانے پر زور دیا مہمانان گرامی نے یونین کے عہدیداران میں بہترین کارکردگی پر انہیں شیلڈز سے نوازا۔

بابو بھائی جدہ والے کی جلد صحتیابی کے لیے دعائیہ تقاریب کا اہتمام کیا گیا

سمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) بابو بھائی جدہ والے کی جلد صحتیابی کے لیے دعائیہ تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ حفیظن کی اشک شوئی کرنے والی شخصیت بابو بھائی ڈھیروں دعاؤں کے زیر اثر کامیاب اوپن ہارٹ سرجری کروا چکے ہیں۔ ماضی بعید سے غریب نادار وں کی بلا امتیاز امداد کرنے میں پیش پیش رہنے والے بابو بھائی اللہ کی امان میں صحتیاب ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق غیر تحریری انداز سے ہیلپوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والی معروف شخصیت بابو بھائی جدہ والے کے دل کا بائی پاس آپریشن کامیاب ہو گیا جلد گھر منتقل کر دیا جائے گا جن کے چاروں وال میں بلاک تھی۔ بابو بھائی جدہ والے کا شمار خلق خدا کے خدمتگاروں میں کیا جاتا ہے جو مالی بعید سے ہی غریب و مستحق افراد کی امداد کے لیے اقدامات کرتے رہے ہیں۔ جو عقیدہ، برادری اور علاقہ کی تمیز رکھے بغیر کھلے دل سے اللہ کی دی ہوئی دولت کو انسانیت کی فلاح کیلئے بروئے کار لانے میں کہیں چوکتے دیں۔ رمضان المبارک میں پورے روزے خصوصی طور پر افطاری کا جگہ جگہ اہتمام کرتے ہیں۔ سخاوت وفیاضی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ان کی سرشت میں شامل ہے جس سے دوسروں کو بھی نیکی وتعاون کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ ایسے انسان ہی سماج میں انسانیت کو زندہ رکھنے کا سبب بنتے ہیں۔ ہر دل بابو بھائی جدہ والے کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہے۔ اس سلسلہ میں اوکاڑا چھاؤنی کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت کاشف حمید باجوہ کی طرف سے اللہ کے حضور کالے بکروں کا صدقہ دیا گیا اور مختلف مساجد میں دعائیہ تقاریب کا اہتمام کروایا گیا

امین بٹ صدر انجمن تاجران کاروباری تنازعہ کو سیاسی رنگ دے رہا ہے

ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں ہم ٹیکس دینے والے کاروباری شہری ہیں کسی سیاسی پارٹی سے کوئی سیاسی وابستگی نہیں ہے: مالک احسن بلال



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) امین بٹ صدر انجمن تاجران کاروباری تنازعہ کو سیاسی رنگ دے رہا ہے، ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں ہم ٹیکس دینے والے کاروباری شہری ہیں کسی سیاسی پارٹی سے کوئی سیاسی وابستگی نہیں ہے ہمارے خاندان کو تحفظ دیا جائے اور قبضہ گروپ سے ہماری جان بچائی جائے، ان خیالات کا اظہار محسن وحید فیکٹری کے مالک احسن بلال نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ چک نمبر 209 رب میں محسن وحید کے نام سے ایمپرائیڈری فیکٹری ہے ہم باقاعدہ حکومت پاکستان کے ٹیکس گزار ہیں ہمارے حقیقی ماموں حاجی ریاض اور حاجی الیاس سے ہمارا کاروباری تنازعہ چل رہا ہے کاروباری حساب کتاب کرنے کی بجائے ہمارے ماموں نے صدر انجمن تاجران امین بٹ اور غنڈہ عناصر کے ذریعے فیکٹری پر قبضے کی کوشش کی ہے اس سے قبل بھی وہ دو فیکٹریوں پر قبضہ کروا چکے ہیں چند روز قبل ایک قبضہ کی کوشش کو پولیس نے ناکام بنایا جس کی مختلف خبریں میڈیا میں گردش کر رہی ہیں آج کی پریس کانفرنس میں ہم اصل واقعات اور حقائق سامنے لانا چاہتے ہیں مورخہ 10-02-2025 کو پونے پانچ بجے امین بٹ صدر انجمن تاجران نے مسلح غنڈہ گرد عناصر قبضہ گروپ کے ہمراہ ہمارے ماموں حاجی ریاض اور حاجی الیاس کی ایماء پر ہماری تیسری فیکٹری پر قبضہ کرنے کی کوشش کی ملازمین سے موبائل چھین لیے انہیں حسب بے جا میں رکھا 15 پر کال کے بعد پولیس کی بروقت کاروائی سے امین بٹ و دیگر قبضہ گروپ کو گرفتار کر لیا اور ایف آئی آر درج کی اب امین بٹ اپنے غیر قانونی فعل کو تحفظ دینے کیلئے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کر رہے ہیں جبکہ ہمارا نا کوئی سیاسی ایجنڈا ہے اور نہ کسی سیاسی پارٹی سے وابستگی ہے یہ خالصتاً کاروباری تنازعہ ہے فیصل آباد کے تمام کاروباری لوگ ان کے کردار کو بخوبی جانتے ہیں اس پریس کانفرنس کے ذریعے ہماری وزیر اعلیٰ پنجاب آپ سے گزارش ہے کہ ہمارے خاندان کو تحفظ دیا جائے اور قبضہ گروپ سے ہماری جان بچائی جائے

تجاوزات آپریشن کے دوران سبزی وفروٹ منڈی کے متاثرہ افراد کے لیے ماڈل ریڑھی بازار کا قیام

تحصیل اوکاڑہ میں دوسرے ماڈل ریڑھی بازار کا افتتاح ممبر قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج اور ایم پی اے میاں محمد منیر نے کیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے محبوب عالم چوک میں تجاوزات آپریشن کے دوران سبزی وفروٹ منڈی کے متاثرہ افراد کے لیے ماڈل ریڑھی بازار کا قیام کر دیا گیا، تحصیل اوکاڑہ میں دوسرے ماڈل ریڑھی بازار کا افتتاح ممبر قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج نے کیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر اکسن ممتاز سمیت انجمن تاجران کے نمائندے بھی موجود تھے، ممبر قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی بحال کرنے کے لیے تجاوزات آپریشن کلیدی اہمیت کا حامل ہے، اس سلسلہ میں ایک جانب تجاوزات کے خلاف آپریشن وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اس اقدام ہے تو دوسری جانب اس آپریشن سے متاثر ہونے والے ریڑھی بانوں کو متبادل جگہ پر شفٹ کر کے ریڑھیاں مہیا کرنا بھی حکومت پنجاب کا انتہائی خوش آئند فیصلہ ہے، ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام سے تجاوزات آپریشن سے متاثرہ افراد کا احساس محرومی ختم ہو گا اور سبزی وفروٹ منڈی کے نزدیک ترین خوب عالم چوک میں کام کا آغاز کرنے سے ان کے روزگار میں بہتری آئے گی، ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے کہا کہ ریڑھی بازار کے قیام سے انجمن تاجران کا دیرینہ مطالبہ پورا کر دیا گیا ہے اور یہ آپریشن سے متاثرہ طبقہ کے لیے خوشی کا پیغام ہے، اب غریب

ضلع بھر میں قانون پر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں۔ سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد قابل پولیس آفیسر ہیں: امتیاز علی وریاہ



سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت تھانہ جات ہوں یا سنیپ چیکنگ، وہ قانون کی فراہمی و شہریوں کی شنوائی کیلئے کھلی کچہریوں کا انعقاد اور ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ جہاں عوام الناس کو ٹریفک شعور کے بارے آگاہی لیکچر و شہریوں میں سیفٹی ہیلمٹس کی تقسیم سیالکوٹ پولیس متعدی کیساتھ عملاً فرائض منصبی ادا کرتے دکھائی دے رہی ہے جو انتہائی خوش آئند ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے اپنے معراج ہاؤسنگ فارم ہاؤس آفس میں سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قانون پر عملداری و شہر میں امن و امان کی ذمہ داری محض پولیس یا کسی ایک فرد واحد پر نہیں ڈالی جاسکتی اس کیلئے شہریوں اور اداروں میں ایک منظم و مربوط نیٹ ورکنگ لازم ہے۔

شہر کے تمام بازاروں کو ون وے کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ محمد تسلیم اختر راو

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شہر کے تمام بازاروں کو ون وے کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ محمد تسلیم اختر راو نے ترقیاتی کاموں، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لینے کے نکانہ سٹی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ جمادیوسف، سی او شعبہ کونسل عامر اختر بٹ، سی او میونسپل کمیٹی راو انوار، ضلعی افسران سمیت انجمن تاجران کے نمائندے بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کشمیر روڈ، بیری چوک، ریلوے روڈ سمیت دیگر علاقوں میں تجاوزات، صفائی ستھرائی سمیت ایک ہی سائز کے سائن بورڈز کی تنصیب سمیت گول چکر پر ٹائل کلر سپیڈ بریکرز کی تنصیب کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی سی نے علامہ اقبال پارک اور ریڑھی بازار میں ٹف ٹائل لگانے کے عمل بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری تجاوزات کرنے سے گریز کرے اور شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے انتظامیہ کی مدد کرے۔

علامہ اقبال ماڈل ایلیمنٹری سکول کی سب سے بڑی سالانہ تقریب

بچوں کی ملی نغموں، تقاریر اور ٹیبلوز نے حاضرین کے دل جیت لیے



دیپالپور (زاید عمران جنجوعہ) دیپالپور اوکاڑہ علامہ اقبال ماڈل ایلیمنٹری سکول 3R/39 میں صوبہ پنجاب کی سب سے بڑی سالانہ تقریب شاندار انداز میں اختتام پذیر، بچوں کی ملی نغموں، تقاریر اور ٹیبلوز نے حاضرین کے دل جیت لیے، نمایاں پوزیشن ہولڈرز کو انعامات اور سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق علامہ اقبال ماڈل ایلیمنٹری سکول 3R/39 اوکاڑہ میں سالانہ تقریبات ایک روز تک جاری رہی۔ جن میں سید ندیم جعفری صاحب محمد مشتاق گجمٹی، راؤ سعید انجم حسین اکی، زاہد عمران خاں جنجوعہ، اور عمران ڈھکو مہمان خصوصی تھے جبکہ علاقہ بھر سے علمی و ادبی شخصیات، بچوں کے والدین اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب میں طلبہ نے ملی نغمے، تقاریر اور مختلف ٹیبلوز پیش کیے ٹیبلوز میں جو سب سے نمایاں چیز نظر آئی اس میں چالڈ لیبر کے حوالے سے اور پاکستان آرمی کی محبت میں شاندار ٹیبلوز پیش کیے ہیں جنہیں حاضرین نے بے حد سراہا اس موقع پر سماجی شخصیت سید ندیم جعفری صاحب نے تعلیم کی اہمیت اور علامہ اقبال ماڈل ایلیمنٹری سکول کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم ہی قوموں کی ترقی کی بنیاد ہے۔ تعلیم کے بغیر شعور ممکن نہیں پاکستان آرمی کی محبت ہمارے دلوں میں بستی ہے اور چالڈ لیبر ہمارے معاشرے کا سب سے بڑا المیہ ہے آخر میں سکول کے نمایاں پوزیشن ہولڈرز کو انعامات اور سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا، جس پر بچوں اور والدین نے خوشی کا اظہار کیا۔ اہل علاقہ نے پرنسپل رانا اے۔ ڈی فریاد کو مبارک باد پیش کی

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حافظ آباد کے نومنتخب صدر چودھری عثمان افضل چٹھہ اور سینئر وکلاء ظل حسنین شیرازی اور قمر عباس بوسال نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خاں سے ملاقات کی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حافظ آباد کے نومنتخب صدر چودھری عثمان افضل چٹھہ اور سینئر وکلاء ظل حسنین شیرازی اور قمر عباس بوسال نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خاں سے ملاقات کی۔ گورنر پنجاب نے وکلاء سے ملاقات کے دوران کہا کہ ملک میں آئین و قانون اور جمہوری عمل کے استحکام کے لیے وکلاء برادری کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے۔ گورنر پنجاب نے ڈسٹرکٹ بار حافظ آباد اور وکلاء کی ویلفیئر کے لیے بھرپور اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے صدر بار عثمان افضل چٹھہ کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد حافظ آباد بار کا دورہ بھی کریں گے اور اپنے وکلاء دوستوں سے ملاقات کر کے انکی فلاح و بہبود کے لیے باقاعدہ طور پر اقدامات کیے جائینگے۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ وکلاء برادری وفاق اور صوبوں کا اہم ستون ہیں۔ ہماری جماعت نے ہمیشہ وکلاء کمیونٹی سے محبت کی اور انکے آئینی، قانونی، جمہوری عمل کی تائید کی۔

ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس

اجلاس میں ستھرا پنجاب انسداد تجاوزات اور جہلم شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس اجلاس میں ستھرا پنجاب انسداد تجاوزات اور جہلم شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر صدارت تمام اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنی اپنی تحصیل میں انسداد تجاوزات، ستھرا پنجاب شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے اقدامات پر ڈی سی جہلم نے جہلم کو بریفنگ دی جس پر ڈی سی جہلم نے انسداد تجاوزات آپریشن کو جلد از جلد مکمل کرنے اور ملبہ اٹھانے کے کام کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔ ستھرا پنجاب کے حوالے سے ڈی سی جہلم نے کہا کہ ضلع بھر میں زیرو ویسٹ ایکٹیوٹی جاری ہے جس کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنرز کر رہے ہیں شہریوں کی شکایات دور کرنے اور ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے ہر گلی محلے سے کچرے کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے اس حوالے سے مزید اہم اقدامات کرنے کی ضرورت ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول دینے کی پنجاب حکومت کی پالیسی پر مکمل عمل درآمد ممکن ہو سکے اجلاس میں ڈی سی جہلم نے اسسٹنٹ کمشنرز کو مختلف تحصیلوں میں خوبصورتی کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلات معلوم کی اور ان کو ایسے مزید اقدامات کرنے کی ہدایت کی جس سے شہروں کی تزئین و آرائش کا بہتر سسٹم بنایا جا سکے۔

چوہدری دانش اشرف کی چھانگا مانگا احسان بلڈنگ میٹریل سٹور پر آمد

شاندار استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئی اور مالائیں پہنائی گئی

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) عمرہ کی ادائیگی کرنے کے بعد بلیک حارس پینٹ لاہور کے جنرل مینیجر چوہدری بشیر اشرف اور ان کے بیٹے چوہدری دانش اشرف کی چھانگا مانگا احسان بلڈنگ میٹریل سٹور پر آمد چھانگا مانگا آمد پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان امارات اقتصادی تعاون پر اتفاق

پاکستان اور متحدہ عرب امارات) یو اے ای (نے تجارت، سرمایہ کاری، اور توانائی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ان کے اماراتی ہم منصب شیخ عبداللہ بن زاید النہیان کے درمیان ہونے والی ملاقات میں اس تعاون پر زور دیا گیا۔ یہ حقیقت ہے کہ یو اے ای نے ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے، چاہے وہ معاشی بحران ہو، آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات ہوں، یا براہِ راست سرمایہ کاری کے مواقع۔ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کے مواقع تو موجود ہیں، لیکن کچھ بنیادی مسائل کے باعث عملی طور پر بہت کم سرمایہ کاری ہوتی ہے۔ بیوروکریسی کی غیر ضروری رکاوٹیں اور معاملات کو سہولت سے آگے بڑھانے میں سست روی ملک اندر اور باہر موجود سرمایہ کاروں کو بدظن کر دیتی ہے۔ حکومتی پالیسیوں میں عدم استحکام، سرمایہ کاری کے حوالے سے قوانین اور مراعات میں مسلسل تبدیلیاں بھی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو کمزور کرتی ہیں۔ سرمایہ کاروں کو صرف سرمایے کے تحفظ کی یقین دہانی کافی نہیں، انھیں یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ انھیں مناسب منافع حاصل ہوگا۔ بار بار اعلانات، مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط تو کیے جاتے ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ لہٰذا ضرورت ہے کہ ملک بھر میں صنعتی زونز کے قیام پر توجہ دی جائے تاکہ مخصوص علاقوں میں سرمایہ کاری کے امکانات کو بڑھایا جا سکے۔ بیرونی سرمایہ کاری کے لیے پالیسیوں کو شفاف اور قابلِ عمل بنایا جائے تاکہ وہ بلاخوف و خطر سرمایہ لگا سکیں۔ سرمایہ کاروں کے خدشات دور کیے جائیں اور ان کے لیے آسان قانونی اور مالیاتی سہولیات فراہم کی جائیں۔ دوست ممالک جیسے کہ یو اے ای، ترکیہ، چین اور سعودی عرب کے ساتھ سرمایہ کاری کے معاہدوں کو تیزی سے عملی جامہ پہنایا جائے۔ وقت آ چکا ہے کہ حکومت زبانی دعووں سے نکل کر عملی اقدامات کرے تاکہ بیرونی سرمایہ کاری کو حقیقت میں ملک کے معاشی استحکام اور ترقی کا ذریعہ بنایا جا سکے۔

لوٹ مار

ستر سالہ بوڑھی ماں اپنی بیٹی کے ساتھ دو سال بعد میرے پاس آئی دونوں کے چہروں پر خوف و ہراس چھایا ہوا تھا خوف سے زبان بھی لرز رہی تھی بار بار ایک ہی شکوہ کر رہی تھیں کہ کرونا کی وبا پھوٹنے سے پہلے آپ کے آستانہ پر ریگولر حاضری ہوتی تھی تو زندگی آسان تھی لیکن جب کرونا کے بعد کاروبار زندگی معطل ہو کر رہ گیا تو ہم بھی گھر میں دبک کر بیٹھ گئیں آج میرے آفس کا پتہ کر کے دوبارہ مجھ سے ملنے آئیں دونوں کی حالت زار پریشانی اور خوف سے لگ رہا تھا کسی بڑی پریشانی یا ایمرجنسی میں آئی ہیں کیونکہ میں جب مختلف لوگوں سے مل رہا تھا تو بیٹی بار بار مجھ سے آ کر کہتی امی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہم کو جلدی مل لیں بوڑھی ماں کچھ فاصلے پر ایک بینچ پر حسرت و یاس کی تصویر بنی بیٹھی تھی مجھے دونوں کا کیس یاد آ گیا کرونا سے پہلے بوڑھی ماں اپنی تیس سالہ بیٹی کے رشتے کے لیے میرے پاس آیا کرتی تھیں بائیس سال کی عمر میں بیٹی کی شادی کی لیکن لوگ لالچی نکلے لڑکے کی پہلے بھی شادی تھی لہذا ماں نے طلاق لے لی کیونکہ سسرالیوں کی نظر بوڑھی ماں اور دو مہنگے گھروں پر تھی بوڑھی ماں کا دنیا میں صرف ایک بیٹا جو سالوں سے امریکہ میں جا کر گورا بن گیا تھا اس نے کبھی مڑ کر ماں کی خبر نہ لی کبھی بھولے سے فون یا کچھ پیسے بھیج دیتا۔ بوڑھی ماں کے خاوند نے اپنی زندگی میں دو گھر بنائے تھے اور کچھ پیسہ سیونگ بچت میں رکھوا دیا تھا اب بوڑھی ماں سیونگ کے پیسوں کے ساتھ ایک گھر کے کرائے اور دوسرے گھر کے ایک پورشن پر گزارا کر رہی تھی اِس طرح مالی تنگی نہیں تھی دونوں گھروں کا معقول کرایہ آنے کی وجہ سے زندگی کی گاڑی آسانی سے رواں دواں تھی بیٹی خوب پڑھی لکھی تھی اس کی جاب بھی اچھی تھی دونوں نے اچھی کار رکھی ہوئی تھی گھر کا خرچہ چلانے کے بعد بھی اچھی خاصی رقم بچ جاتی جس کو بوڑھی ماں خیرات وغیرہ یا عاملوں کو نذ نیاز میں دے دیتی میرے پاس جب آئی تو ایک تو بیٹی کا دوبارہ رشتہ ہو جائے دوسرا کسی لالچی عامل نے شک میں ڈال دیا کہ بیٹی کے پہلے سسرالیوں نے آپ دونوں پر بہت زیادہ جادو ٹونہ بلکہ جنات چھوڑ دیئے ہیں اب ان آسیبی اثرات کی وجہ سے بیٹی کا رشتہ نہیں ہو رہا اور آپ دونوں کی صحت بھی ان آسیبی اثرات کی وجہ سے خراب رہتی ہے عاملوں نے بیچاریوں کے دماغ خراب بلکہ نفسیاتی مریض بنا دیا تھا رشتہ نہ ہونے کی وجہ سے دونوں ڈپریشن مایوسی کا شکار تھیں اس ڈپریشن مایوسی کو دونوں جادو آسیب کا نام دیتیں کہ پرانے سسرالی ہم پر مسلسل جادو کر رہے ہیں تا کہ ہمارے گھروں پر قبضہ کر سکیں میرے پاس آنے والے پرانے مایوس مریضوں میں اکثریت ایسے بنگالی عاملوں کی ڈسی ہوتی ہیں ایسے پریشان مایوس لوگوں کو اپنے قبضے میں رکھنے اور ان کی جیبوں پر ڈاکا ڈالنے کے لیے عامل حضرات ایسے لوگوں کو مسلسل خوف میں مبتلا رکھتے ہیں کہ آپ لوگوں پر کوئی مسلسل جادو کرا رہا ہے لہذا مجھے اس جادو کے توڑنے کے لیے اتنے پیسے



بکرے کڑاہیاں چاہیں تا کہ میں آپ لوگوں کا حصار یا بچا کر سکوں اور یہ مایوس نفسیاتی مریض بیچارے اپنے باطنی خوف اضطراب کی وجہ سے ایسے عاملوں کی جیبیں بھرتے رہتے ہیں میرے پاس آنے والوں میں ایسے بھی لوگ شامل ہوتے ہیں جن کے دماغوں میں یہ بات پتھر کی لکیر کی طرح نقش ہو چکی ہوتی ہے کہ فلاں رشتے دار یا بندہ نان سٹاپ اس پر جادو کر رہا ہے آپ ایسے نفسیاتی مریضوں کو جتنا مرضی سمجھا لیں یہ بیچارے نہیں مانیں گے بلکہ خود ہی آ کر بولیں گے سر ہم پر کالا جادو فلاں جادو بندش ہوئی ہے آپ اِس کا جادو بندش کا توڑ علاج کریں اِس کو ہم بڑے سے بڑا معاوضہ ادا کرنے کو تیار ہوں جب میں ایسے معصوم لوگوں سے کہتا ہوں کہ آپ سے کس نے کہا آپ پر جادو ہے تو کسی عامل کا نام لیں گے کہ اس نے ہمارے مخالفین کی نشاندہی کی ہے یا کسی رشتہ دار نے بتایا ہے پھر یہ بیچارے ایک عامل سے دوسرے عامل کے پاس اپنی زندگی کی کمائی لٹاتے نظر آتے ہیں ایسے پریشان لوگوں میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہوتی ہے کہ وہ دل و دماغ میں بیٹھا چکے ہوتے ہیں کہ ان پر جادو ہو چکا ہے اب اگر میں ایسے لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کروں تو یہ کہتے ہیں بھٹی صاحب کو ہمارے کیس کی سمجھ نہیں آتی یا پھر ابھی عامل کامل نہیں ہے اس کو تو کسی بات کا پتہ ہی نہیں ہے لہذا وہ مجھے فیل کر کے کسی نئے عامل کی تلاش میں نکل جاتے ہیں اور اگر میں ان کی ہاں میں ہاں ملا دوں تو بہت خوش ہوتے ہیں کہ سر نے ہماری ٹھیک تشخیص کی ہے اِن کو سب نظر آ گیا ہے کہ ہم پر کس قدر زیادہ جادو ہے یا ہمارے گھر پر کتنے جنات کا بسیرا ہے لہذا میں اِن کو عاملوں کی لوٹ مار سے بچانے کے لیے کہتا ہوں ہاں آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں اثرات تو آپ پر ہیں اب آپ پریشان نہ ہو آپ کا بھرپور مکمل علاج کرتے ہیں اور پھر میں علاج بھی وہی کرتا ہوں جو ایسے جناتی آسیبی مریضوں کا ہوتا ہے کہ اگر جادو وغیرہ ہے یا نہیں ہے لیکن میں احتیاط وہی کر دیتا ہوں پھر ایسے لوگوں کو کچھ عرصہ مصروف کر کے ذکر اذکار کرا کے کہہ دیتا ہوں کہ اب آپ کا علاج ہو گیا ہے لیکن کیونکہ ان کو ایسے وہموں کے ساتھ رہنے کی عادت پڑ چکی ہوتی ہے اِس لیے چند دن یا مہینوں کے بعد پھر پریشانی کی مایوس تصویر بنے بیٹھے ہوتے ہیں کہ سر ہم پر پھر جادو ہو گیا اور میں پھر سے علاج شروع کر دیتا ہوں یہاں میں اِس بات کا اقرار کرتا چلوں کہ یہ نہیں ہے کہ میرے پاس آنے والے سارے ہی وہم یا نفسیاتی مریض ہوتے ہیں نہیں بلکہ بہت سارے لوگوں پر جادو آسیب اور بندش ہوتی ہے لہذا ایسے آسیبی لوگوں کا میں دل سے علاج کرتا ہوں تا کہ وہ شفایاب ہو کر نارمل زندگی گزار سکیں اس پس منظر کے بعد قارئین کو ایسے کیسوں کی بخوبی سمجھ آ گئی ہوگی اب ہم اس ماں بیٹی کے کیس کی طرف آتے ہیں جب کرونا کی وجہ سے میری ملاقاتیں بند ہو گئی تو اِن کو اب روحانی مشاورت علاج کی عادت تھی انہوں نے آن لائن قاری صاحب ڈھونڈے جنہوں نے اِن کا علاج شروع کر دیا عامل تیز تھا وہ جان گیا ماں بیٹی اکیلی ہیں جائیداد ہے لہذا اس نے اِن کو اِس طرح شکا رکیا کہ آپ کا ہر ماہ علاج ہو گا جس کے لیے آپ مجھے پچاس ہزار ہر ماہ دیں گے عامل اب روحانی لٹیرے ان کر اِن کو لوٹ رہا تھا یہ ہر ماہ باقاعدگی سے پچاس ہزار دے رہی تھیں اب اس نے کچھ عرصے سے مطالبہ کیا کہ علاج بہت مشکل ہے اِس لیے میری رقم ایک لاکھ کر دیں جو اِن بیچاروں کے لیے مشکل تھا اب انہوں نے بہانے بنانے شروع کر دیئے تو اس نے دھمکیاں دینی شروع کر دیں یہ بیچاری زیورات وغیرہ بیچ کر کچھ عرصہ تو دیتی رہیں لیکن جب عامل باز نہ آیا تو مجھے ڈھونڈ کر میرے پاس آئیں اور بیٹی نے ساری بات مجھے بتا دی میں نے بیٹی سے عامل کا ایڈریس اور فون نمبر لیا دونوں کو پڑھائی دے کر بھیج دیا بعد میں پولیس میں اپنے دوست کو عامل صاحب کا نمبر دیا دوست نے عامل صاحب کو بلا کر اس کی طبیعت صاف کر دی ایک ماہ گزر گیا تو بوڑھی ماں مٹھائی لے کر آئی پروفیسر صاحب آپ کے عمل کی وجہ سے قاری صاحب نے دھمکیاں دینا بند کر دیں ہیں جبکہ میں جانتا تھا عامل صاحب کس طرح چپ ہوئے ہیں ماں تو خوشی سے چلی گئی لیکن میں سوچنے لگا ہماری عوام کی بزدلی کی وجہ سے روحانی لٹیرے لوٹ مار کرتے ہیں۔

ٹرمپ کی سفید فامی۔۔۔اور عاشقان عمران

امریکی صدر ٹرمپ نے اپنی فوج کو فقط سفید فام مردوں کی فوج بنانے کی کوششوں کا آغاز کر دیا ہے۔ ایئر فورس سے چیئرمین چیفس آف سٹاف کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہوئے افریقی نژاد افسر کو برطرف کرنے کے علاوہ نیوی کی خاتون سربراہ کو بھی گھر بھیج دیا۔ موصوف نے جو اقدامات لئے حیران کن نہیں۔ ایک حوالے سے بلکہ ٹرمپ کو ایسا سیاستدان ثابت کر رہے ہیں جو سیاستدانوں کی اکثریت کے برعکس اپنے انتخابی وعدوں کا اگر مگر کے بغیر تیزی سے اطلاق کر رہا ہے۔ اپنے وعدے نبھانے میں جلدی اسے یہ پیغام دینے میں بھی مددگار ثابت ہو رہی ہے کہ وہ امریکی ریاست کے ڈھانچوں میں جس اکھاڑ پچھاڑ کا مرتکب ہو رہا ہے اس کی ذاتی خواہش کا نتیجہ نہیں۔ انتہائی دائیں بازو کے قدامت پرست لوگوں کی بے تحاشہ تعداد کئی برسوں سے تلملا رہی تھی کہ افریقہ سے آئے غلاموں کی نسلوں کو امریکی فوج میں اہم عہدوں پر تعینات کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ جنگ کو وہ کھیڈ نئی ہوندی زنانیاں دی بھی سمجھتے ہیں۔ یہ ماننے کو تیار نہیں کہ دور حاضر کی عورت میدان جنگ میں اتر کر مخالفین کا سامنا کر سکتی ہے۔ امریکہ میں آباد تمام نسلوں اور اصناف کو نمائندگی دینے کے لئے UDI کے نام سے ایک پروگرام متعارف ہوا تھا۔ یہ اتحاد (Unity) بحیثیت Diversity اور) سب کی (شمولیت (Inclusion) کا مخفف ہے۔ امریکہ کے سفید فام نسل پرست اس پروگرام سے بہت نالاں تھے۔ ان کی دانست میں اس پروگرام کا عملی اطلاق امریکہ کی قومی اور تاریخی شناخت کو تباہ کر دے گا۔ سفید فارم نسل پرستوں کے دلوں میں کئی دہائیوں سے اپلتے تعصبات کا ٹرمپ نے برملا اظہار شروع کر دیا۔ امریکہ۔ اگر واقعتاً انسانیت دوست ہو چکا ہوتا تو اس کے عوام کی متاثر کن اکثریت ڈونلڈ ٹرمپ کو نومبر 2024 میں ایک بار پھر وائٹ ہاؤس بھیجنے کا فیصلہ نہ کرتی۔ اس کا انتخاب کرتے ہوئے کئی لوگوں نے یہ بھی سوچا کہ شاید ٹرمپ اتنا خطرناک نہیں جیسا اس کے دشمن اسے دنیا کے سامنے بنا کر پیش کر رہے ہیں۔ بائیڈن انتظامیہ سے نفرت بھی اپنی جگہ موجود تھی۔ سادہ لوح مسلمان بھی اسی باعث ٹرمپ کے جھانسے میں آ گئے۔ ان کا خیال تھا کہ بائیڈن اسرائیل کو غزہ پر وحشیانہ بمباری سے روک سکتا تھا۔ وہ باز رہا تو مسلمانوں نے طیش میں آ کر ٹرمپ کی حمایت کا فیصلہ کر لیا۔ ٹرمپ کی حمایت میں ووٹ ڈالنے والوں میں پاکستان سے امریکہ منتقل ہوئے بے تحاشہ پاکستانی بھی شامل تھے۔ ان کی بے پناہ اکثریت پاکستانی سیاستدانوں سے نفرت کرتی ہے۔ تحریک انصاف کے بانی عمران خان مگر ان کی دانست میں ایک روایتی سیاستدان نہیں۔ کرکٹ کے کھلاڑی تھے۔ فاسٹ بالر کی حیثیت میں اس کھیل کی بدولت جو شہرت کمائی اسے لاہور میں کینسر جیسے موذی مرض کے علاج کے لئے جدید ترین سہولتوں والا ہسپتال لوگوں سے چندہ لے کر تعمیر کرنے میں صرف کر دیا۔ لوگوں کی حمایت سے ہسپتال کی تعمیر نے کئی افراد کو انہیں سیاست میں شامل ہونے کو اکسانے کے لئے مجبور کر دیا۔ کامل بددلی سے وہ سیاست میں آئے اور لوگوں کی حمایت کے حصول کے لئے موروثی چور لٹیروں جنہیں ہمارے ہاں الیکٹ ایبل کہا جاتا ہے سے رجوع کرنے کو انکار کر دیا۔ یہ سب کرنے کی وجہ سے 2002 کے انتخاب میں انہیں قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست سے کامیابی نصیب ہوئی۔ وہ نشست بھی ان کے والد کے شہر میانوالی سے تھی۔ 2002 کے انتخاب کے بعد تحریک انصاف کے بانی کو احساس ہوا کہ الیکٹ ایبل لازمی ہیں۔ ان کی تلاش شروع ہوئی تو دریافت ہوا کہ سیاستدانوں کی اس قسم کو برطانوی دور سے اشارہ درکار ہوتا ہے۔ برطانوی سامراج کے بعد ریاست کے دائمی اداروں کے مختار کل 2010 کے قریب باریاں لینے والے نواز شریف اور آصف زرداری کی جماعتوں سے تنگ آ چکے تھے۔



دور اقتدار فطری انداز میں اپنے انجام تک پہنچتا تو ہم سب کا پنجابی محاورے والا شوق پورا ہو جاتا۔ اکتوبر 2021 میں لیکن قمر جاوید باجوہ کو قوم کی مزید خدمت کرنے کا جنون لاحق ہو گیا۔ عمران خان اس حوالے سے پگڑائی دینے کو رضامند دکھائی نہ دئے۔ اچانگ گیم لگی اور پاکستان میں پہلی بار ایک وزیراعظم تحریک عدم اعتماد کے ذریعے فارغ ہو گیا۔ اس کی فراغت کے بھونڈے انداز نے اسے نئی زندگی بخش دی۔ امریکہ میں مقیم عاشقان عمران موصوف کی دکھائی مزاحمت پر بہت نازاں محسوس کرتے ہیں۔ عمران جب برسر اقتدار تھے تو ٹرمپ بھی امریکہ کے صدر تھے۔ ٹرمپ افغانستان سے جند چھڑانے کو بے جان تھا۔ اس ضمن میں پاکستان کی مدد درکار تھی۔ عمران خان کو لہذا سینیٹر لنڈسے گراہم کے ذریعے امریکہ بلایا گیا۔ سابق وزیراعظم کے ہمراہ قمر جاوید باجوہ بھی چمکتی آنکھوں کے ساتھ وہاں پہنچے۔ ٹرمپ نے دونوں کو جھانسہ دیا کہ وہ کشمیر پر ثالثی کا کردار ادا کرے گا۔ اس کے منہ سے کشمیر کا ذکر سن کر دونوں کے خوشی سے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ طالبان کو قطر کے شہر دوحہ میں میز پر بٹھانے کا فیصلہ کر دیا اور بدلے میں کچھ حاصل بھی نہ کیا۔ جو ہوا وہ تو ہو گیا امریکہ میں مقیم عاشقان عمران کو البتہ امید تھی کہ ٹرمپ وائٹ ہاؤس لوٹنے کے بعد گزشتہ دور صدارت میں اپنے یار ہوئے عمران خان کو رہا کروانے کے لئے پاکستان پر دباؤ بڑھا دے گا۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد مگر ٹرمپ غزہ کو فلسطینیوں سے خالی کروانے اور روس کے ساتھ صلح کے راستے ڈھونڈنے میں مصروف ہو گیا۔ ان دونوں کاموں کے حصول کے لئے عمران خان کی رہائی ٹرمپ کے کام نہیں آ سکتی۔ اپنی فوج کو بھی اسے سیاہ فام افسروں کے علاوہ خواتین کی برابری سے آزاد کرنا ہے۔ عاشقان عمران ویسے بھی تارکین وطن ہیں اور غیر ملکوں سے امریکہ آباد ہوئے افراد ٹرمپ کو بھاتے نہیں۔ ٹرمپ سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے مدد کی توقع باندھنے کے بجائے امریکہ میں مقیم عاشقان عمران کو یہ سوچنا ہو گا کہ روس سے صلح کے لئے پہلا پتہ کھیلنے کے لئے امریکہ نے اپنے وزیر خارجہ کو سعودی عرب کے شہر ریاض کیوں بھیجا۔ اس شہر میں امریکی وزیر خارجہ کی روسی وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی ہے۔ مقصد اس ملاقات کا یوکرین کے جنگڑے سے جند چھڑا کر دنیا کو نئے سرے سے اپنے اپنے حلقہ ہائے اثر میں بانٹنا ہے۔ امریکہ، روس اور سعودی عرب اب نئے دور کی فیصلہ کن قوتیں ثابت ہوں گی۔ سعودی عرب کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ سوچنے میں بھی کوئی ہرج نہیں کہ اس برادر ملک کی عمران خان کے ساتھ کیسی یادیں وابستہ ہیں؟ امریکی صدر ٹرمپ نے اپنی فوج کو فقط سفید فام مردوں کی فوج بنانے کی کوششوں کا آغاز کر دیا ہے۔ ایئر فورس سے چیئرمین چیفس آف سٹاف کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہوئے افریقی نژاد افسر کو برطرف کرنے کے علاوہ نیوی کی خاتون سربراہ کو بھی گھر بھیج دیا۔ موصوف نے جو اقدامات لئے حیران کن نہیں۔ ایک حوالے سے بلکہ ٹرمپ کو ایسا سیاستدان ثابت کر رہے ہیں جو سیاستدانوں کی اکثریت کے برعکس اپنے انتخابی وعدوں کا اگر مگر کے بغیر تیزی سے اطلاق کر رہا ہے۔ اپنے وعدے نبھانے میں جلدی اسے یہ پیغام دینے میں بھی مددگار ثابت ہو رہی ہے کہ وہ امریکی ریاست کے ڈھانچوں میں جس اکھاڑ پچھاڑ کا مرتکب ہو رہا ہے اس کی ذاتی خواہش کا نتیجہ نہیں۔ انتہائی دائیں بازو کے قدامت پرست لوگوں کی بے تحاشہ تعداد کئی برسوں سے تلملا رہی تھی کہ افریقہ سے آئے غلاموں کی نسلوں کو امریکی فوج میں اہم عہدوں پر تعینات کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ جنگ کو وہ کھیڈ نئی ہوندی زنانیاں دی بھی سمجھتے ہیں۔ یہ ماننے کو تیار نہیں کہ دور حاضر کی عورت میدان جنگ میں اتر کر مخالفین کا سامنا کر سکتی ہے۔ امریکہ میں آباد تمام نسلوں اور اصناف کو نمائندگی دینے کے لئے UDI کے نام سے ایک پروگرام متعارف ہوا تھا۔ یہ اتحاد (Unity) بحیثیت Diversity اور) سب کی (شمولیت (Inclusion) کا مخفف ہے۔ امریکہ کے سفید فام نسل پرست اس پروگرام سے بہت نالاں تھے۔ ان کی دانست میں اس پروگرام کا عملی اطلاق امریکہ کی قومی اور تاریخی شناخت کو تباہ کر دے گا۔ سفید فارم نسل پرستوں کے دلوں میں کئی دہائیوں سے اپلتے تعصبات کا ٹرمپ نے برملا اظہار شروع کر دیا۔ امریکہ۔ اگر واقعتاً انسانیت دوست ہو چکا ہوتا تو اس کے عوام کی متاثر کن اکثریت ڈونلڈ ٹرمپ کو نومبر 2024 میں ایک بار پھر وائٹ ہاؤس بھیجنے کا فیصلہ نہ کرتی۔ اس کا انتخاب کرتے ہوئے کئی لوگوں نے یہ بھی سوچا کہ شاید ٹرمپ اتنا خطرناک نہیں جیسا اس کے دشمن اسے دنیا کے سامنے بنا کر پیش کر رہے ہیں۔ بائیڈن انتظامیہ سے نفرت بھی اپنی جگہ موجود تھی۔ سادہ لوح مسلمان بھی اسی باعث ٹرمپ کے جھانسے میں آ گئے۔ ان کا خیال تھا کہ بائیڈن اسرائیل کو غزہ پر وحشیانہ بمباری سے روک سکتا تھا۔ وہ باز رہا تو مسلمانوں نے طیش میں آ کر ٹرمپ کی حمایت کا فیصلہ کر لیا۔ ٹرمپ کی حمایت میں ووٹ ڈالنے والوں میں پاکستان سے امریکہ منتقل ہوئے بے تحاشہ پاکستانی بھی شامل تھے۔ ان کی بے پناہ اکثریت پاکستانی سیاستدانوں سے نفرت کرتی ہے۔ تحریک انصاف کے بانی عمران خان مگر ان کی دانست میں ایک روایتی سیاستدان نہیں۔ کرکٹ کے کھلاڑی تھے۔ فاسٹ بالر کی حیثیت میں اس کھیل کی بدولت جو شہرت کمائی اسے لاہور میں کینسر جیسے موذی مرض کے علاج کے لئے جدید ترین سہولتوں والا ہسپتال لوگوں سے چندہ لے کر تعمیر کرنے میں صرف کر دیا۔ لوگوں کی حمایت سے ہسپتال کی تعمیر نے کئی افراد کو انہیں سیاست میں شامل ہونے کو اکسانے کے لئے مجبور کر دیا۔ کامل بددلی سے وہ سیاست میں آئے اور لوگوں کی حمایت کے حصول کے لئے موروثی چور لٹیروں جنہیں ہمارے ہاں الیکٹ ایبل کہا جاتا ہے سے رجوع کرنے کو انکار کر دیا۔ یہ سب کرنے کی وجہ سے 2002 کے انتخاب میں انہیں قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست سے کامیابی نصیب ہوئی۔ وہ نشست بھی ان کے والد کے شہر میانوالی سے تھی۔ 2002 کے انتخاب کے بعد تحریک انصاف کے بانی کو احساس ہوا کہ الیکٹ ایبل لازمی ہیں۔ ان کی تلاش شروع ہوئی تو دریافت ہوا کہ سیاستدانوں کی اس قسم کو برطانوی دور سے اشارہ درکار ہوتا ہے۔ برطانوی سامراج کے بعد ریاست کے دائمی اداروں کے مختار کل 2010 کے قریب باریاں لینے والے نواز شریف اور آصف زرداری کی جماعتوں سے تنگ آ چکے تھے۔

پاکستان اور بھارت کرکٹ سے دل جیتیں

گزشتہ روز کرکٹ کا سب سے زیادہ دلچسپی سے دیکھے جانے والا مقابلہ جذبات سے بھرپور نفرت محبت آمنے سامنے، کون جیتا کون ہارا اس سے قطع نظر کرکٹ جیت گئی بھارت نہ کھیلنے کے تمام حربے استعمال کرنے کے باوجود کرکٹ کے میدان میں پاکستان کے ساتھ ہزاروں کرکٹ دیوانوں متوالوں کا دل لبھاتے رہے جو بھی میچ دیکھنے آیا وہ صرف کرکٹ دیکھنے آیا تھا بھارتی ٹیم نے ٹاس ہارنے کے بعد سب کچھ جیتنے کے لیے کیا اور پاکستانی ٹیم اپنی بیٹنگ کی کسی گیئر پر اپنے ہونے کا احساس نہیں دلایا کوئی بھی بیٹسمین اعتماد اور حوصلے سے نہیں کھیل سکا خوف کا شکار بزدلی اور شکست کا نشان نظر آئے 241 اس طرح ہوئے جس کا کرنے والوں کو یقین نہ تھا بابر اعظم، امام، رضوان، سلمان آغا سعود شکیل اتنی بری باڈی لینگویج کیساتھ کھیلے کہ لگتا تھا پریشان ہیں کہ کہیں ہٹ نہ لگ جائے اور بھارت کو میچ جیتنے میں مشکل نہ آئے خوشدل شاہ نے کوشش کی مگر وقت گزر چکا تھا پاکستانی باؤلنگ کسی بھی موقع پر بھارتی بیٹسمینوں کو یہ احساس نہیں دلا سکی کہ ہم آؤٹ کر سکتے ہیں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے مگر بھارتی ٹیم سے موازنہ نہیں کیا جانا چاہیے بھارتی ٹیم ایک یونٹ اور کامیابی کے ٹارگٹ کو حاصل کرنے کے لیے سنجیدگی سے مصروف رہی کہیں اس پہ جذبات طاری نہیں ہوئے کامیابی حاصل کر لینے تک پروفیشنلز کی طرح میدان میں کارکردگی اور اپنے ملک کی عزت کیلئے لڑتی رہی ایک وقت ہوتا تھا پاکستان اور بھارت کے میچ پر پاکستان کو نفسیاتی برتری حاصل ہوتی تھی اب میچ اس یقین کیساتھ شروع ہوتا ہے کہ پاکستان کی کامیابی ممکن نہیں ہے اور پاکستان ہارے ہوئے دل کی ساتھ میدان میں اترا اور ایک بری اور شرمندگی سے بھرپور شکست کے ساتھ میدان سے واپس اور چیمپئنز ٹرافی کا دفاعی چیمپئن میزبان ملک روٴنڈ مقابلوں ہی میں سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہو گیا بنگلہ دیش سے کامیابی بھی سوالیہ نشان ہے کرکٹ ٹیم جس میں فضل محمود، حنیف، مشتاق، ماجد خان، عمران خان، وسیم اکرم، وقار یونس، انضمام الحق، شاہد آفریدی جیسے عالمی نام ہوتے تھے آج نشان کامیابی کی تلاش میں ہے اور لگاتار کئی سال سے



یہی حال ہے کوئی ایک آدھ میچ یا سیریز قوم کو ماضی میں لے جاتی ہے مگر ٹیم جلد ہی قوم کو یاد کروا دیتی ہے کہ یاد ماضی عذاب ہے یا رب چھین لے حافظہ میرا۔ پاکستان بھارت کی کرکٹ کی ایک بھرپور اور پیچیدہ تاریخ ہے، جو سات دہائیوں پر محیط ہے۔ یہاں ایک مختصر جائزہ پیش کیا جاتا ہ





پاکستانی کھلاڑی پریکٹس سیشن میں حصہ لے رہے ہیں (اے ایف پی)

انگلش پریمیئر لیگ، لیورپول اور نیوکیسل یونائیٹڈ نے اپنے میچز جیت لئے

نیوکیسل یونائیٹڈ نے ایک اور میچ میں سخت مقابلے کے بعد ناٹنگھم فارسٹ کو 3-4 گول سے ہرا دیا



لندن (زیڈ این این) لیورپول نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیم کو 2-0 گول سے ہرا دیا جبکہ نیوکیسل یونائیٹڈ نے ایک اور میچ میں سخت مقابلے کے بعد ناٹنگھم فارسٹ کو 3-4 گول سے ہرا دیا۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ سینٹ جیمز پارک نیوکیسل اپون ٹائن میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ اور ناٹنگھم فارسٹ کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیم نے ناٹنگھم فارسٹ کی ٹیم کو تین کے مقابلے میں چار گول سے ہرا دیا۔ الیگزینڈر اسک نے دو جبکہ لیوس مائلی اور جیکب مرفی نے ایک ایک گول کر کے اپنی ٹیم نیوکیسل یونائیٹڈ کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ ناٹنگھم فارسٹ کی جانب سے کالم ہڈسن اوڈوئی، نکولا میلینکو وچ اور ریان یٹس نے ایک ایک گول سکور کیا۔ یہ نیوکیسل یونائیٹڈ کی ای پی ایل میں 13 ویں فتح ہے۔ اتحاد سٹیڈیم، مانچسٹر میں کھیلے گئے ایک اور میچ میں انگلش پریمیئر لیگ کی ٹاپ پوزیشن پر موجود ٹیم لیورپول اور ای پی ایل کی دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیمیں میں آمنے سامنے تھیں جس میں لیورپول کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیم کو 2-0 گول سے ہرا دیا۔ محمد صلاح اور ڈومینک سوبوسزلائی نے ایک ایک گول سکور کر کے اپنی ٹیم لیورپول کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیم میچ میں کوئی گول سکور نہ کر سکی۔ یہ لیورپول کی ای پی ایل میں 19 ویں فتح ہے اور اس فتح کے بعد لیورپول کی ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہو گئی ہے۔ نیوکیسل یونائیٹڈ نے ایک اور میچ میں سخت مقابلے کے بعد ناٹنگھم فارسٹ کو 3-4 گول سے ہرا دیا



ویراٹ کوہلی 23 فروری 2025 کو دبئی اسٹیڈیم میں پاکستان کے خلاف سنچری مکمل کرنے کے بعد جشن منا رہے ہیں (تصویر: اے ایف پی)

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا ساتواں میچ، آسٹریلیا اور جنوبی افریقا آج آمنے سامنے ہونگے

آسٹریلوی ٹیم کو سٹیو سمتھ لیڈ کریں گے جبکہ جنوبی افریقا کی ٹیم ٹیمبا بووما کی زیر قیادت میدان میں اترے گی

لاہور (میاں شہروز سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا نواں ایڈیشن پاکستان میں شروع ہو چکا ہے جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں آج (منگل کو) مزید ایک میچ کا فیصلہ ہوگا جس میں گروپ بی سے آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم، راولپنڈی میں مدمقابل ہوں گی۔ آسٹریلوی ٹیم کو سٹیو سمتھ لیڈ کریں گے جبکہ جنوبی افریقا کی ٹیم ٹیمبا بووما کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزما ہیں جن میں میزبان دفاعی چیمپئن پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان، بھارت، نیوزی لینڈ، انگلینڈ، آسٹریلیا اور جنوبی افریقا شامل ہیں۔ پاکستان کی ٹیم آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں ٹائٹل کے دفاع کے لئے کوشاں تھی۔ تمام 8 ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ تمام آٹھ ٹیموں کے دو گروپس میں سے دو، دو ٹاپ ٹیمیں سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کریں گی۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا فائنل میچ 9 مارچ کو کھیلا جائے گا۔

پاک بھارت ٹاکرے سے قبل جسپریت بمراہ نے کون سے ایوارڈز حاصل کیے؟

دبئی (زیڈ این این) انجرڈ بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ نے اتوار کو دبئی میں پاک، بھارت ٹاکرے سے قبل آئی سی سی ایوارڈز بھی وصول کر لیے، وہ اس کے لیے بطور خاص دبئی پہنچے تھا۔ بمراہ کمر کی انجری کے سبب چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہیں، تاہم انھوں نے اسٹینڈ میں بیٹھ کر یہ میچ دیکھا، وہ آئی سی سی چیف جے شاہ کے ہمراہ بیٹھے رہے۔ بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کو کونسل نے سال کے بہترین پلیئر اور بہترین ٹیسٹ کرکٹر کے ایوارڈز سے نوازا ہے۔ مزید پڑھیں: چیمپئنز ٹرافی؛ کوہلی کی شاندار سنچری، بھارت نے پاکستان کو شکست دے دی. آل راؤنڈر روندرا جدیجا کی درخواست پر بمراہ نے ٹیم کی وارم اپ روٹین میں بھی شرکت کی تھی۔ واضح رہے کہ جسپریت بمراہ آسٹریلیا کے خلاف گواسکر بارڈر ٹرافی کے آخری ٹیسٹ کے دوران انجرڈ ہو گئے تھے جس کے سبب وہ چیمپئنز ٹرافی کے اسکواڈ کا حصہ نہیں بن سکے۔ چیمپئنز ٹرافی سے قبل، بھارت میں انگلینڈ کے خلاف کھیلی گئی ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی جسپریت بمراہ ٹیم میں شامل نہیں تھے۔ جسپریت بمراہ کو کونسل نے سال کے بہترین پلیئر اور بہترین ٹیسٹ کرکٹر کے ایوارڈز سے نوازا۔

بھارتی کپتان روہت شرما نے سچن ٹنڈولکر سے اہم اعزاز چھین لیا

دبئی (زیڈ این این) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما نے سابق لیجنڈری کرکٹر سچن ٹنڈولکر سے اہم اعزاز چھین لیا۔ کپتان روہت شرما نے اتوار کو دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان کے خلاف چیمپئنز ٹرافی کے گروپ میچ میں ون ڈے کرکٹ میں 9 ہزار رنز بنانے والے اوپنر کا اعزاز حاصل کیا۔ 37 سالہ روہت شرما نے پاکستان کے خلاف میچ میں اپنا پہلا رن مکمل کرنے کے ساتھ یہ سنگ میل عبور کیا، جس کے بعد وہ ون ڈے میں 9 ہزار رنز بنانے والے چھٹے اوپنر بن گئے۔ اس سے قبل سچن ٹنڈولکر، سنتھ جے سوریا، کرس گیل، ایڈم گلکرسٹ اور سورو گنگولی جیسے عظیم بیٹرز اوپننگ پوزیشن پر 9 ہزار سے زائد رنز بنا چکے ہیں۔ تاہم خاص بات یہ ہے کہ روہت نے تمام بیٹرز کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ون ڈے میں تیز ترین 9 ہزار رنز مکمل کیے، انہوں نے بطور اوپنر یہ کارنامہ صرف 181 ون ڈے اننگز میں انجام دیا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ سچن ٹنڈولکر کے پاس تھا جنہوں نے بطور اوپنر 197 اننگز میں 9 ہزار رنز مکمل کیے تھے۔ 37 سالہ روہت شرما نے پاکستان کے خلاف میچ میں اپنا پہلا رن مکمل کرنے کے ساتھ یہ سنگ میل عبور کیا

پاکستان کی سب سے بڑی گھڑ دوڑ پاکستان ڈربی سردار نامی گھوڑے نے جیت لی

پریذیڈنٹ بریڈرز پاکستان کپ پرفیکٹ آگین نے جیتا' صدر نے کامیاب سواروں میں انعامات تقسیم کیے

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کی سب سے بڑی گھڑ دوڑ پاکستان ڈربی 2025 سردار نامی گھوڑے نے جیت لی۔ پاکستان کی سب سے بڑی گھڑ دوڑ پاکستان ڈربی کے مہمان خصوصی صدر آصف علی زرداری تھے جو ہیلی کاپٹر پر لاہور ریس کلب پہنچے۔ پاکستان ڈربی ڈے ریس کے سلسلے میں لاہور ریس کلب میں سنسنی خیز مقابلے ہوئے اور سرپٹ دوڑتے گھوڑے ایک دوسرے سے سبقت حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ 2400 میٹر طویل پاکستان ڈربی میں 15 شہسواروں میں مقابلہ تھا، ریس کے دوران 4 شہسوار گھوڑوں سے گرے اور اذان نامی شہسوار شدید زخمی ہوا تاہم ریس جاری رہی اور سردار نامی گھوڑے نے میدان مار لیا۔ فاتح سردار ٹرافی کے ساتھ 64 لاکھ روپے کی انعامی رقم کا حقدار قرار پایا۔ پاکستان ڈربی ڈے کی دیگر ریسز میں وار کمانڈ، زوزا، مونی پرنس، ویسٹرن لیڈی، پرنسز نور اور اسٹیٹس مین نے کامیابی حاصل کی جبکہ پریذیڈنٹ بریڈرز پاکستان کپ پرفیکٹ آگین نے جیتا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کامیاب سواروں میں انعامات تقسیم کیے۔

پاکستان کی شکست، مداح نے غصے میں پاکستانی جرسی کے اوپر بھارتی شرٹ پہن لی



دبئی میں بنگلہ دیش اور انڈیا کے درمیان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ کے اختتام پر انڈیا کے نائب کپتان شبمن گل کو ان کی ٹیم کے کپتان روہت شرما مبارکباد دے رہے ہیں (اے ایف پی)

نوجوان کے اس عمل پر وہاں موجود دیگر شائقین کرکٹ تالیاں بجاتے نظر آئے

دبئی (زیڈ این این) دبئی میں بھارت اور پاکستان کے درمیان کرکٹ میچ کے دوران ایک حیرت انگیز واقعہ پیش آیا، جب دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں آئے پاکستان کرکٹ ٹیم کو سپورٹ کرنے والے پاکستانی مداح نے غصے میں پاکستانی جرسی کے اوپر بھارتی شرٹ پہن لی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستانی مداح نے اپنی ٹیم کی جرسی پہن رکھی تھی لیکن جب پاکستان کو ہارتا دیکھا تو فین پاکستان کی کرکٹ جرسی کے اوپر بھارت کی جرسی پہن لی۔ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ نوجوان کے اس عمل پر وہاں موجود دیگر شائقین کرکٹ تالیاں بجاتے نظر آئے۔ اتوار کو چیمپئنز ٹرافی کے ہائی وولٹیج ٹاکرے میں گروپ اے میں شامل بھارت نے پاکستان کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ میچ میں بھارتی اسٹار بیٹر اس مرتبہ بھی بڑے ایونٹ میں قومی ٹیم پر چھکوں چوکوں کی برسات کرتے ن ظر آئے۔ ویراٹ کوہلی کی یادگار اور متاثر کن سنچری کی بدولت بھارت سیمی فائنل کے قریب پہنچ گیا۔ چیمپئنز ٹرافی کے ہائی وولٹیج میچ میں شاہین تمام شعبوں میں فلاپ ہو گئے. کوہلی نے مہارت کے ساتھ میں بڑے میچ اہم کردار ادا کیا اور اپنی ٹیم کو ایک آسان فتح سے ہمکنار کرایا۔ بھارت کی جیت کے بعد پاکستان کا سیمی فائنل تک سفر بہت مشکل ہو گیا ہے لیکن یہ اب بھی ناممکن نہیں۔ بھارتی سٹار کرکٹر ویراٹ کوہلی نے ون ڈے کرکٹ میں اہم ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔



ٹرمپ افغانستان میں اسلحہ چھوڑنے اور طالبان پر غصے میں آپا کھو بیٹھے، خود سے باتیں کرنے لگے

تقریر کے دوران ٹرمپ افغانستان میں امریکی فوجی ساز و سامان چھوڑے جانے پر برہمی کا اظہار بھی کرتے نظر آئے



طلبہ رہنما اور کارکن ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین کی رہائش گاہ کے باہر احتجاجی مظاہرے کے دوران خطاب کر رہے ہیں) اے ایف پی(

کابل (این این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میری لینڈ میں کنزرویٹو پولیٹیکل ایکشن کانفرنس (CPAC) میں اپنی تقریر کے دوران افغان طالبان پر غصے کرتے ہوئے آپا کھو بیٹھے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کی حالیہ تقریر کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ ٹرمپ ڈرامائی انداز میں اس اصطلاح پر کئی بار زور دیتے ہیں، یہاں تک کہ اپنی آواز بدل کر افغانستان میں امریکی فوجی ساز و سامان چھوڑے جانے پر برہمی کا اظہار بھی کرتے نظر آتے ہیں۔ ویڈیو میں ٹرمپ کو طالبان کے پاس امریکی فوجی گاڑیوں کے استعمال پر ناراض ہوتے دکھایا گیا۔ ویڈیو میں ٹرمپ کہتے ہیں کہ جب میں وہ سب دیکھتا ہوں تو مجھے غصہ آتا ہے۔ ایک موقع پر، وہ تقریر کے دوران خود کو پرسکون کرنے کی کوشش کرتے ہوئے خود سے باتیں کرنے لگتے ہیں اور کہتے ہیں غصہ نہ کرو۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ امریکا سے اچھا اور نیا فوجی ساز و سامان تو طالبان کے پاس رہ گیا ہے اور طالبان ٹینکوں، گاڑیوں، ہتھیاروں اور جدید ٹیکنالوجی سمیت امریکی فوجی سامان فروخت کر رہے ہیں۔ ٹرمپ نے اپنی انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھیں اور ساز و سامان کی واپسی کے لیے فوری اقدامات کریں۔ اس ویڈیو کے وائرل ہونے پر ٹرمپ کی ماضی کی غلطی کی ایک یاد تازہ ہوئی جب 2017 میں ان کی طرف سے ایکس (پہلے ٹوئٹر) پر covfefe ٹوئٹ کیا گیا تھا. جس پر سوشل میڈیا صارفین کا خیال تھا کہ انہوں نے Coverage ٹائپ کیا ہے تاہم یہ ٹویٹ بغیر کسی وضاحت کے گھنٹوں آن لائن پوسٹ رہی، جس سے پورا سوشل میڈیا قہقہوں سے گونج اٹھا تھا۔ ایک موقع پر، وہ تقریر کے دوران خود کو پرسکون کرنے کی کوشش کرتے ہوئے خود سے باتیں کرنے لگتے ہیں





ویٹیکن کے سینٹ پیٹرز سکوائر پر ہفتہ وار عام سامعین کے لیے پہنچتے ہوئے) البرٹو پیزولی /اے ایف پی(

برطانیہ کی نیشنل ہیلتھ سروسز عوامی اعتماد کھونے لگی

زیادہ تر لوگ صحت کی خدمات کے حوالے سے عدم اعتماد اور سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہیں، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ کی نیشنل ہیلتھ سروسز (این ایچ ایس) عوامی اعتماد کھونے لگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق این ایچ ایس پر مریضوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے باعث زیادہ تر لوگ صحت کی خدمات کے حوالے سے عدم اعتماد اور سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہونا شروع ہو گئے۔ برطانیہ کی نیشنل ہیلتھ سروسز عوامی اعتماد کھونے لگی ہیں، لوگوں کی اکثریت کو خدشہ رہتا ہے کہ وہ اے اینڈ ای سروسز کی فراہمی میں ناکام ہو جائیں گے۔ ایک سروے میں سامنے آنیوالے نتائج کے مطابق ایمرجنسی کے ایک معروف ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ این ایس ایچ کے بارے میں عوامی تشویش موجود ہے برطانیہ میں ہر چار میں سے تین افراد کو خدشہ ہے کہ اسپتال کی راہداری میں ٹرالی پر پھنس جانے یا ایمبولینس 999 ڈائل کرنے کے بعد انہیں طبی امداد نہیں مل پائے گی، اس سے عوامی اعتماد کا بحران جنم لے رہا ہے۔ سروے میں یہ بات سامنے آئی کہ بڑی تعداد میں اپنے مقامی اے اینڈ ای کی طرف سے مریضوں کو بستر اور بیڈ زنہ ہونے اور جی پی سرجری کے بارے میں تحفظات لاحق ہیں۔ زیادہ تر لوگ صحت کی خدمات کے حوالے سے عدم اعتماد اور سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہیں، رپورٹ

تھائی لینڈ اور کمبوڈیا میں فراڈ سینٹرز سے پاکستانیوں سمیت 215 غیر ملکی بازیاب

بنکاک (این این آئی) تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کی پولیس نے سرحدی علاقے میں ایک عمارت میں کارروائی کر کے پاکستانیوں سمیت 215 غیر ملکیوں کو بازیاب کروالیا جن سے آن لائن فراڈ اور اسکیم سینٹر میں جبری کام لیا جا رہا تھا۔ امریکی اخبار کے مطابق حکام نے کمبوڈیا کے سرحدی صوبے پینیلے میانچے کے علاقے پوئپیٹ میں واقع تین منزلہ عمارت میں کارروائی کی۔ تھائی حکومت کے ترجمان جیرایو ہانسب نے بیان میں کہا کہ فراڈ سینٹر سے رہا کروائے گئے افراد میں 109 تھائی، 50 پاکستانی، 48 بھارتی تھے، 5 کا تعلق تائیوان اور 3 انڈونیشیا سے لائے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے لیے سائبر فراڈ کے شبہے میں مطلوب افراد کی کارروائی کے دوران عمارت سے رہائی کروائے جانے والے تھائی شہریوں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ کارروائی تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کی فراڈ مراکز کو روکنے کے لیے ہونے والی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں کی گئی تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ فراڈ سینٹر کئی برسوں سے کام کر رہے تھے لیکن اب چینی ادا کاروان شنگ کو تھائی لینڈ میں پرکشش نوکری کا لالچ دے کر بلا کر اغوا کرنے اور میانمار میں ایک اسکیم سینٹر منتقل کرنے کے اقدام کے بعد پراسکروٹنی کا عمل بہت سخت کر دیا گیا ہے۔

لندن، کاریں چرانے کیلئے الیکٹرانک آلات کے استعمال پر پانچ برس تک کی سزا ہوسکے گی

لندن (این این آئی) کاریں چرانے کیلئے الیکٹرانک آلات استعمال کرنے والے مجرموں کو پانچ برس تک کی سزا ہو سکے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کار چوری کی تقریبا 40 فیصد وارداتوں میں سگنلز جام کرنے والے آلات استعمال ہوتے ہیں۔ پارلیمنٹ میں پیش ہونے والے کرائم اینڈ پولیسنگ بل میں تجویز کیا گیا کہ کار چوری میں معاونت کرنے والے سگنلز جامرز جیسے آلات رکھنا، فروخت یا تقسیم کرنا جرم تصور ہوگا اور ملوث افراد کو لامحدود جرمانہ اور پانچ برس تک کی سزا دی جا سکے گی۔ یہ آلات ریموٹ لاکنگ کو بلاک کر دیتے ہیں جس کے بعد مجرموں کو بغیر چابی کے کار تک رسائی مل جاتی ہے، فی الحال کسی شخص کے پاس سے سگنلز جیمرز جیسے آلات برآمد ہونے پر اسے صرف اس وقت سزا ہو سکتی ہے جب یہ ثابت ہو کہ اس نے کسے جرم کیلئے اسے استعمال کیا لیکن نئے قانون کے نفاذ کے بعد اس آلہ کے برآمد ہونے پر متعلقہ شخص کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ اس آلے کو رکھنے کا مقصد قانونی طور پر استعمال کرنا ہی تھا۔ لندن، کاریں چرانے کیلئے الیکٹرانک آلات کے استعمال پر پانچ برس تک کی سزا ہو سکے گی۔

قطری وزیر اعظم سے شام کے عبوری وزیر خارجہ کی ملاقات

دونوں رہنماؤں کا قانون کی حکمرانی کے تحت چلنے والی ریاست کے قیام کے لئے ملک کے عزم کا اعادہ

دوحہ (این این آئی) قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی سے شام کے عبوری وزیر خارجہ اسد الشیبانی نے ملاقات کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ تعاون اور شام میں تازہ ترین پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قطری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو بڑھانے اور شام کی موجودہ پیش رفت کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے دیگر موضوعات پر بات چیت کی گئی۔ قطری وزیر خارجہ نے شام کے اتحاد، خودمختاری اور آزادی کے لئے قطر کی مستقل حمایت کا اعادہ کیا اور شامی عوام کی باوقار زندگی اور اداروں اور قانون کی حکمرانی کے تحت چلنے والی ریاست کے قیام کے لئے ملک کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے شام میں تعمیر نو، ترقی اور استحکام کے لئکی جانے والی کوششوں کے لیے قطر کی حمایت کی بھی تصدیق کی۔

برطانوی ماہرین صحت کا نوروائرس کی شرح میں اضافے پر اظہار تشویش

نوروائرس کے مریضوں کی تعداد میں خوفناک اضافہ تشویشناک ہے، برطانوی ماہرین

لندن (این این آئی) برطانوی ماہرین صحت نے انگلینڈ کے ہسپتالوں میں نورو وائرس کی شرح میں تیزی کیساتھ ریکارڈ اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ وائرس کا تیزی سے پھیلاو وبائی مرض سے پہلے کے طرز عمل کی واپسی کو موجودہ صورتحال ہوا دے سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نورو وائرس انتہائی متعدی مرض مانا جاتا ہے اگرچہ زیادہ تر متاثرہ لوگ ایک دو دنوں میں گھروں میں بہتر ہو جاتے ہیں لیکن یہ بڑی عمر کے افراد چھوٹے بچوں اور ایسے افراد جن میں قوت مدافعت کی کمی ہے کو شدید متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ این ایچ ایس انگلینڈ کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے اوسطا 1,160 مریض روزانہ نوروائرس کیساتھ ہسپتال پہنچے جو سابقہ ہفتے کے مقابلے میں 22 فیصد زائد شرح ہے گزشتہ سال اسی عرصے کے دوران یہ شرح یومیہ 509 ریکارڈ کی گئی تھی۔ دو ہفتے قبل سب سے اونچی سطح ریکارڈ کی گئی تھی ایک دن میں اوسطا 961 کیسز سامنے آئے۔ ہسپتال حکام کا کہنا تھا کہ ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے گنجائش کی کمی ہے 95 فیصد سے زائد بالغ مریض ہسپتالوں کے بستر پر موجود ہیں۔ این ایچ ایس انگلینڈ کے نیشنل میڈیکل ڈائریکٹر پروفیسر سر سٹیفن پووس نے کہا کہ نورو وائرس کے مریضوں کی تعداد میں خوفناک اضافہ تشویشناک ہے، ڈاکٹرز کے مشورے کے ساتھ احتیاطی تدابیر اپنا کر اس کا پھیلاو کم کیا جا سکتا ہے۔



سنووبلیج کے انتظامی دفتر کے ایک کارکن نے اعتراف کیا کہ عوامی غصے کے بعد مصنوعی برف کو ہٹا دیا گیا) بائیدو(



باکو میں پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور آذربائیجان کے صدر الہام علیوف دونوں ملکوں کے حکام کے درمیان معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ دیکھ رہے ہیں (ایوان وزیر اعظم، اسلام آباد)

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

لاری اڈا سمندری میں مسافروں کے لیے ویٹنگ ایریا کی تعمیر کا آغاز

اس منصوبے کا سنگ بنیاد اسسٹنٹ کمشنر سمندری عثمان سکندر نے رکھا



سمندری (نمائندہ خصوصی) لاری اڈا سمندری میں مسافروں کے لیے جدید ویٹنگ ایریا کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا۔ اس منصوبے کا سنگ بنیاد اسسٹنٹ کمشنر سمندری عثمان سکندر نے رکھا۔ یہ منصوبہ میرج ہال ایسوسی ایشن کے تعاون سے مکمل کیا جا رہا ہے تاکہ مسافروں کو آرام دہ اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے افتتاحی تقریب میں میرج ہال ایسوسی ایشن کے صدر رانا محمد اشرف رضا میرج ہال ایسوسی ایشن کے نمائندوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ لاری اڈا پر ویٹنگ ایریا کی کمی ایک بڑا مسئلہ تھا جس کے حل کے لیے یہ ایک بہترین اقدام ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر عثمان سکندر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ویٹنگ ایریا کی تعمیر سے مسافروں کو بہتر سہولیات فراہم ہوں گی اور وہ آرام دہ ماحول میں اپنی گاڑیوں کا انتظار کر سکیں گے۔ انہوں نے میرج ہال ایسوسی ایشن کے اس مثبت اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی سہولت کے لیے ایسے منصوبے خوش آئند ہیں حکومت اور عوامی تعاون سے مزید ایسے منصوبے بھی شروع کیے جائیں گے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں

سالانہ تقریب تکمیل حفظ القران وتقسیم اسناد وانعامات کا انعقاد

تقریب میں محقق عالم دین مولانا اشرف شہزاد سلفی اور شیر اسلام مولانا محمد یوسف پسروری نے خصوصی خطابات کئے



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) سالانہ تقریب تکمیل حفظ القران وتقسیم اسناد وانعامات گزشتہ روز بمقام محمدیہ تحفیظ القرآن انسٹی ٹیوٹ نہر کوٹھی دیپالپور انعقاد پذیر ہوئی۔ تقریب میں محقق عالم دین مولانا اشرف شہزاد سلفی اور شیر اسلام مولانا محمد یوسف پسروری نے خصوصی خطابات کئے۔ حفظ القرآن کی سعادت حاصل کرنے والے باسعادت حفاظ کرام۔ حافظ سعد اللہ شوکت۔ حافظ ثمامہ شریف۔ حافظ حماد ضیاء۔ حافظ حذیفہ صدیقی۔ حافظ تسہیم اشرف۔ حافظ خدیمہ عامر لکھوی۔ حافظ عثمان غنی۔ حافظ بلال امجد۔ حافظ عبداللہ اسماعیل۔ حافظ اسجد الرحمن۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پروفیسر روح الامین نے سرانجام دیئے، ممتحن قاری عبدالحمید موبل بھی موجود تھے۔ پروگرام میں عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ منور محمدی ناظم مدرسہ نے تقریب میں آنے والے شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا،،

گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے شجر کاری مہم کا افتتاح

ڈھوپ کی تاپ پر مہمانوں کا استقبال کیا گیا، چائے جلیبی سے مہمانوں کی تواضع کی گئی



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے شجر کاری مہم کا افتتاح، اس سال دس ہزار پودے لگانے کے عزم کا اظہار، ڈھوپ کی تاپ پر مہمانوں کا استقبال کیا گیا، چائے جلیبی سے مہمانوں کی تواضع کی گئی، تفصیلات کے مطابق گرین اینڈ کلین مہم مصطفی آباد، پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، پی ایچ اے کے مشترکہ تعاون سے سال 2025 کی شجر کاری مہم کا افتتاح کر دیا گیا، افتتاحی تقریب میں میاں محمد عارف سعید مرکز دارالحسان گلوبڑہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسائز ملتان خالد محمود قصوری محمد جمیل مغل پی اے ایف (واک کینٹ) کی خصوصی شرکت، آنے والے مہمانوں نے پودے لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کیا، صدر ادریس نمبردار، جنرل سیکرٹری مہر محمد سرور، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، حاجی غلام مصطفی رحمانی دیگر مہمانوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شجر کاری صدقہ جاریہ ہیں اس سے مخلوق خدا فائدہ حاصل کرتی ہیں، گزشتہ سال مصطفی آباد میں بیس ہزار پودے لگائے گئے تھے اس سال دس ہزار پھل پھول اور سایہ دار درخت لگائیں جائیں گے، شجر کاری مہم میں ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو حصہ لینے کی ضرورت ہے، مصطفی آباد اور اس کے نواحی دیہات میں اگر کسی شخص یا ادارے کو پودے لگانے کے لئے ضرورت ہو تو وہ ہم سے رابطہ کر کے پودے حاصل کر سکتا ہے، ہماری شجر کاری مہم تین اضلاع میں چل رہی ہے، جن میں قصور، اوکاڑہ، راولپنڈی شامل ہے، شرکا نے مصطفی آباد میں مثبت سرگرمیوں کو پرموٹ کرنے پر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ کے صدر محمد عمران سلفی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، تقریب میں محمد آزاد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، ارشد بھٹہ، عبدالرشید ریٹائرڈ ملازم پاکستان آئیر فورس، ریٹائرڈ صوبیدار میجر عیش علی، پی ایچ او سپروائزر محمد اقبال، ماسٹر محمد نیاز، اسلم پرویز محمد رشید پی اے ایف، محمد جمیل پی اے ایف واک کینٹ، رانا طارق، ڈاکٹر حیدر صلاح الدین، حاجی نیک عالم، حاجی محمد نوید، گڈو بٹ، نوید جٹ، ماسٹر یعقوب، محمد جمیل، محمد داود، خلیل احمد، رانا خالد، حاجی غلام مصطفی رحمانی خادم شہداء، امین بٹ، حاجی غلام قادر محمد صدیق ہیرو و دیگر نمائندہ افراد نے شرکت کی۔

پیکا آرڈیننس عطائی صحافیوں کیلئے ہے۔ سیر عارف حسین شاہ

چیئرمین محمود احمد و سیکرٹری سید منصور شاہ کی اقتدار کو سلام۔ عثمان گجر



پریس کلب کھروڑ سیداں ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کا اجلاس زیر صدارت بانی و سرپرست اعلیٰ سید عارف حسین شاہ منعقدہ ہوا اجلاس کی باضابطہ کاروائی تلاوت کلام پاک سے شروع کی گئی جنرل سیکرٹری سید منصور حسین شاہ نے ایجنڈا اجلاس باقاعدہ پڑھ کر سنایا اجلاس میں بانی و سرپرست اعلیٰ سید عارف حسین شاہ چیئرمین پریس کلب رانا محمود احمد و سینیئر وائس چیئرمین عثمان گجر اور وائس چیئرمین عامر شہزاد۔ وائس چیئرمین مہر قاسم اور دیگر معزز عہدیداران نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے زمہ دارانہ صحافتی امور اور صحافیوں کی مثبت کردار بارے شرکاء اجلاس کو آگاہی دی مقررین نے شرکاء کو پیکا آرڈیننس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پیکا آرڈیننس دراصل نان پروفیشنل عطائی صحافیوں کو ریگولیٹ کرنے کیلئے ہے جو کہ حکومت پاکستان مخالف وقومی سلامتی و ریاستی سلامتی کے اداروں کیخلاف زہریلہ پراپیگنڈہ مہم میں ملک دشمن طاقتوں کے آلہ کار بن کر مادر پدر آزاد خود ساختہ صحافت کر رہے ہیں ہم بطور زمہ دار پروفیشنل صحافی ایسے ملک دشمن ایجنڈے پر چلنے والے عطائی صحافیوں کی مذمت کرتے ہوئے وطن عزیز اور افواج پاکستان و سیکیورٹی فورسز اور ریاستی اداروں خصوصاً اپنے پاکستانی عوام کی آواز بن کر دنیا کو آشکار کرنے کیلئے عملی کاوشیں سرانجام دے رہے تھے ہیں اور انشاء اللہ دیتے رہیں گے۔ پاکستان اور پاکستانی اداروں اور قوم کا مثبت طرز عمل دنیا کو دکھانا ہماری اولین ترجیح ہے اس موقع پر کھروڑ سیداں پریس کلب کی باضابطہ باڈی اناؤنس کی گئی جس کے مطابق بانی اور سرپرست اعلیٰ سید عارف حسین شاہ چیئرمین رانا محمود احمد سنہیر وائس چیئرمین محمد عثمان وائس چیئرمین سید وحید حسین وائس چیئرمین مہر قاسم وائس چیئرمین میاں عامر شہزاد وائس چیئرمین سید منصور حسین جنرل سیکرٹری محمد بلال جائنٹ سیکرٹری ناصر جمیل سیکرٹری تقریبات مہر علی رضا فنانس سیکرٹری علی سرور سیکرٹری انفارمیشن معزز ممبران میں میاں سلیم شہزاد چوہان محمد حنین سید عیسی شاہ شامل ہیں۔

محنت کش کو جھوٹے مقدمہ میں ملوث کرنے پر اہل علاقہ کا شدید احتجاج



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) محنت کش کو جھوٹے مقدمہ میں ملوث کرنے پر اہل علاقہ کا شدید احتجاج، آر پی او گوجرانوالہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیل کے مطابق تھانہ واحنڈو کے علاقہ کوٹلی مہاراں کے رہائشی محمد یونس نے آر پی او گوجرانوالہ کو درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ میرے دو بیٹوں کو قتل کے جھوٹے مقدمہ میں ملوث کر کے چالان کر دیا گیا جبکہ دونوں بیٹے جائے وقوعہ پر موجود نہ تھے ایک بیٹا جو کہ گھر پر سو رہا تھا اسے گھر سے گرفتار کیا گیا جبکہ دوسرا بیٹے کو ہم نیاز خود پیش کیا مگر اسکے باوجود پولیس نے میرے بیٹوں کو مقدمہ میں گرفتار کر کے جیل بھیج دیا اور مدعی مقدمہ حامد نواز نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ہمیں گاؤں بدر کیا اور گھر کا تمام سامان لوٹ کر لیگئے جس میں میری بیٹیوں کا مکمل سامان جہیز کپڑا لیکٹرونکس اشیا ٹریکٹر دیگر اشیا شامل تھیں ملزمان تمام اشیا لوٹ کر لے گئے اب میں اپنی فیملی سمیت دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو گیا ہوں، متاثرہ شہری نے وزیر اعلی پنجاب، پی او گوجرانوالہ دیگر ارباب اختیار سے اپیل ہے کہ ہمارے گھروں میں لوٹ مار کرنیوالے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے اور مقدمہ قتل کی از سر نو انکواری کروا کر ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بی ڈویژن پولیس نے منشیات فروش کے انکشاف پر منشیات کے دھندہ میں پولیس اہلکار گرفتار

قصور (بیورو چیف) بی ڈویژن پولیس نے منشیات فروش کے انکشاف پر 1 منشیات کے دھندہ میں پولیس اہلکار گرفتار۔ پولیس اہلکار قصور جیل میں قیدیوں کو منشیات سپلائی کے الزام میں نوکری سے برخاست۔ چند دن قبل بدنام زمانہ منشیات فروش علی احمد عرف ہمایوں دس کلو چرس اور سوا اٹھارہ لاکھ برآمد۔ پولیس ترجمان کے مطابق جیل وارڈن کا ڈرائیور کانسٹیبل عبدالمجید اور سابقہ محرر بخشی خانہ کانسٹیبل سرفراز بھی گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم علی احمد عرف ہمایوں سرفراز کے ذریعے بخشی خانہ میں منشیات سپلائی کرواتا تھا۔ جیل سے آنیوالے قیدی اپنے جسم کے خفیہ حصوں میں منشیات چھپا کر جیل میں بھی لیجاتے تھے ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں نے سخت نوٹس لیتے ہوئے دونوں اہلکاروں کو نوکری سے برخاست کر دیا۔

حافظ شاہد چیئرپرسن اوورسیز، محمد رمضان چیئرپرسن عمرہ ایجوکیشن، عثمان انجم چیئرپرسن اوورسیز اپلائمنٹ تعینات

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) ٹریول ایجنٹ ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے چیئرمین رانا مدثر خاں ایڈووکیٹ نے گذشتہ روز GCCI کی کمیٹیوں کے لئے Nominate کرنے اور رانا محمد صدیق خان پریذیڈنٹ چیمبر آف کامرس گوجرانوالہ نے تین کمیٹیوں کے لیے چیئرپرسن مقرر کئے۔ انہوں نے کہا کہ میں حافظ شاہد فاروق کو چیئرپرسن اوورسیز اپلائمنٹ پروموٹرز کمیٹی، سیٹھ محمد رمضان کو چیئرپرسن عمرہ اینڈ حج آپریٹرز کمیٹی مقرر کرنے پر رانا محمد صدیق خان صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گوجرانوالہ اور ان کے رفقاء کار کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہمارے ان ممبران کو اعزاز بخشا' انشاء اللہ یہ دوست اپنی بہترین صلاحیتوں کیساتھ چیمبر آف کامرس میں ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن کی بھرپور نمائندگی کریں گے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں چھ خواتین سمیت انیس افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں چھ خواتین سمیت انیس افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں انیس افراد زخمی ہو گئے زخمی ہونے والوں میں چھ خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے عملہ نے طبی امداد دیتے ہوئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

صدر پریس کلب جھنگ ملک لیاقت علی انجم کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) سینئر صحافی (جیو نیوز، جنگ) اور صدر پریس کلب جھنگ ملک لیاقت علی انجم کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئی تھیں گزشتہ روز مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی کا ختم پاک ان کی رہائش گاہ گوجرہ روڈ رانا کالونی میں ادا کیا گیا قل خوانی میں سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات، صحافی، تاجر وکلاء، سرکاری افسران سمیت ہر مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی دریں اثناء ان کی وفات پر ایس ای سینٹر سرکل فیصل آباد سید سلیم شاہ، ایس ای فیکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ، سینئر سپرنٹنڈنگ آفیسر فیکو جھنگ سرکل ملک مرید حسین، ایکسین فیکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ، ایکسین فیکو جھنگ ڈویژن راؤ انعام الحق، ڈی ایس پی سیف سٹی پراجیکٹ لاہور حبیب اللہ قریشی، سید محمد علی شیرازی، سردار اظہر عباس سیال، انچارج چوٹی بنگلہ مراد والا جھنگ اور لائینڈ ہینلتھ پروفیشنلز جھنگ کے ضلعی صدر مہر محمد رمضان صابر سیال نے صدر پریس کلب جھنگ ملک لیاقت علی انجم سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے بلندی درجات اور مغفرت کی دعا کی ہے

روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید و پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور رو بصحت ہو کر سیالکوٹ پہنچ گئے



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کراچی اسپتال سے میجر سرجری کے بعد روبصحت ہو کر سیالکوٹ واپس پہنچ گئے۔ اس موقع پر کپور فیملی نے انہیں ائرپورٹ ریسیو کیا۔ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کیجانب سے اسپتال سے واپسی پر ڈپٹی چیف وارڈنز محمد ابراہیم، حاجی تار، شبلی شیراز صندل، ملک عبدالوحید، حفیظ چغتائی، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر، ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ، گروپ وارڈنز، ڈپٹی گروپ وارڈنز پوسٹ وارڈنز سمیت سول ڈیفنس سیالکوٹ کے تمام رضا کاران نے انکا زبردست خیر مقدم کیا۔ دریں اثناء بزنس کمیونٹی گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ نے بھی سابقہ صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور کیلئے دعاؤں و نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

مریم نواز دن رات عوام کی خدمت میں مصروف ہیں نوشین جاوید

کارکردگی کی وجہ سے ان کی عوامی پسندیدگی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مریم نواز دن رات عوام کی خدمت میں مصروف ہیں نوشین جاوید۔ پاکستان مسلم لیگ ن کی رہنما محترمہ مریم نواز نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ مریم نواز عوام کی خدمت کے مشن پر ہیں اور دن رات عوامی بھلائی کے کاموں میں مصروف ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کی عوامی پسندیدگی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کی بدولت وہ عوام کے دلوں میں گھر بنا چکی ہیں اسی وجہ سے تو بچیاں بھی ان کی آمد پر ''سب دی ماں آ گئی جے'' سے یاد کرتی ہیں۔ طلبہ کیلئے لیپ ٹاپ سکیم، نوجوانوں کو کاروبار کیلئے قرضوں کا اجراء، گھر گھر لوگوں کو گھر بنانے کیلئے آسان اقساط پر قرضے، کاروباری افراد کے لئے کاروبار کو کامیابیوں سے ہمکنار کرنے کے کاروباری بلا سود قرضے، کسانوں کے لئے ٹریکٹرز سکیم کے اجراء کے بعد مریم نواز ہر شعبہ زندگی کے لوگوں کی لیڈر بن چکی ہیں۔

محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی کریانہ شاپس پر چینی کے سٹاک کی چیکنگ

فیصل آباد روڈ پر واقع کریانہ شاپ کے گودام میں چینی کی بوریوں کی تعداد سے کم سٹاک ڈکلیئر کرنے پر کریانہ شاپ کے مالک کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/وقت) محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی کریانہ شاپس پر چینی کے سٹاک کی چیکنگ، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے مختلف مقامات پر کریانہ شاپس کی انسپکشنز کی اور فیصل آباد روڈ پر واقع کریانہ شاپ کے گودام میں چینی کی بوریوں کی تعداد سے کم سٹاک ڈکلیر کرنے پر کریانہ شاپ کے مالک کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا، اسی طرح نواحی علاقہ 49/2 ایل میں چیکنگ کے دوران چینی کی 90 سے زائد بوریاں کے ڈکلیریشن ریکارڈ کی عدم فراہمی پر کریانہ شاپ کے مالک کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا کہ مضمان المبارک کے پیش نظر چینی کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے اور چینی کا سٹاک ڈکلیر نہ کرنے والے دکانداروں کو جرمانوں کے ساتھ ساتھ سخت کاروائیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ سٹاک ڈکلیئر نہ کرنا بھی ذخیرہ اندوزی کے زمرے میں آتا ہے، کریانے کے دکانداروں اور کریانہ مالکان کو چاہیے کہ وہ اس سلسلہ میں خصوصی احتیاط برتیں اور چینی کے سٹاک کی ڈیکلریشن کے عمل کو یقینی بنائیں

نہرے تھہ کے قریب خوفناک حادثہ، پھوپھی بھتیجا جاں بحق

بس نے کار کو ٹکر ماردی جاں بحق ہونے والے خالد بٹ کی بیوی بھی شدید زخمی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شاہدرہ کالا خطائی نارووال روڈ دربار نہرے تھہ کے قریب تیز رفتار بس نے کار کو ٹکر ماردی جس سے ایک خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک خاتون شدید زخمی ریسکیو 1122 نے نعشیں ورثاء کے حوالے کردیں جبکہ زخمی خاتون کو میو ہسپتال منتقل کر دیا گیا بتایا گیا ہے شاہدرہ کالا خطائی روڈ پر واقع گاؤں رتہ گجراں کا رہائشی خالد بٹ اہل خانہ کے ہمراہ کار پر سوار بدوملہی سے گاؤں واپس جا رہا تھا الہ پور سیداں دربار سید میراں کے قریب تیز رفتار بس نے ٹکر ماردی جس سے خالد بٹ اور اس کی پھوپھی بے بی موقع پر دم توڑ گئے جبکہ بیوی شہلا شدید زخمی ہو گئی اطلاع پر ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو ورثاء کے حوالے کر دیا جبکہ زخمی ہونے والی شہلا خالد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے عینی شاہدین کے مطابق حادثہ بس ڈرائیور کی تیز رفتاری غفلت سے پیش آیا پولیس نے مسافر بس کو قبضہ میں لے کر قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

ڈاکوؤں نے پٹرول پمپ کے عملہ کو باندھ کر 7 لاکھ نقدی 5 موبائل چھین لیے

ڈاکو جاتے ہوئے سیکیورٹی گارڈ کی گن بھی چھین کر لے گئے: بغیر نمبر پلیٹ گاڑی میں فرار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مرید کے نارووال روڈ پر نارنگ موڑ کے قریب ڈاکو پٹرول پمپ کے عملہ کو کپڑے سے باندھ کر 7 لاکھ روپے نقدی 5 موبائل فونز اور سیکیورٹی گارڈ سے گن چھین کر فرار ہو گئے بتایا گیا ہے کہ مرید کے نارووال روڈ نارنگ موڑ پر واقع شیل پٹرول پمپ پر علی الصبح 4 نامعلوم ڈاکو بغیر نمبر پلیٹ گاڑی میں سوار ہو کر شیل پٹرول پمپ پر آئے اور سیکیورٹی گارڈ سے گن چھین کر اسی کی چادر سے باقی عملہ کو باندھ کر یرغمال بنالیا اور 7 لاکھ روپے نقدی اور 5 موبائل فونز اور سیکیورٹی گارڈ کی گن چھین کر فرار ہو گئے اطلاع پر تھانہ نارنگ پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں میں بے پناہ رش، مسافر خوار

مسافر انجن اور چھت پر سفر کرنے پر مجبور: خواتین اور بچوں کے ساتھ سفر مشکل

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لاہور نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں میں بے پناہ رش ریلوے نے مسافروں کو لاوارث چھوڑ دیا بوگیوں کی کمی پوری نہ ہونے سے مسافر بھیڑ بکریوں کی طرح سفر کرنے پر مجبور تفصیل کے مطابق لاہور نارنگ نارووال سیکشن پر چلنے والی نارووال پیسنجر لاشانی اور فیض احمد فیض ایکسپریس کی بوگیاں ضرورت سے انتہائی کم ہیں جس کی وجہ سے اس سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں میں بے پناہ رش ہوتا ہے خواتین اور بچوں کے ساتھ سفر کرنا ناممکن ہو چکا مسافر بوگیوں کی چھتوں اور انجن پر بیٹھ کر سفر کرنے پر مجبور ہیں متعدد بار ریلوے کے اعلیٰ حکام کے نوٹس میں لانے کے باوجود اس سیکشن پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی مسافروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ریلوے حکام سے مطالبہ کیا کہ مسافروں سے سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کیا جائے اور لاہور نارنگ نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی بوگیوں میں اضافہ کیا جائے تاکہ مسافروں کو سفر کرنے میں آسانی ہو سکے۔

روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید و پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور رو بصحت ہو کر سیالکوٹ پہنچ گئے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کراچی اسپتال سے میجر سرجری کے بعد روبصحت ہو کر سیالکوٹ واپس پہنچ گئے۔ اس موقع پر کپور فیملی نے انہیں ائرپورٹ ریسیو کیا۔ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کیجانب سے اسپتال سے واپسی پر ڈپٹی چیف وارڈنز محمد ابراہیم، حاجی تار، شبلی شیراز صندل، ملک عبدالوحید، حفیظ چغتائی، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر، ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ، گروپ وارڈنز، ڈپٹی گروپ وارڈنز پوسٹ وارڈنز سمیت سول ڈیفنس سیالکوٹ کے تمام رضا کاران نے انکا زبردست خیر مقدم کیا۔ دریں اثناء بزنس کمیونٹی گروپ لیڈر ریاض الدین شیخ نے بھی سابقہ صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور کیلئے دعاؤں و نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

معیشت نامہ



جرم وسزا

CRIME & COURT



صحت دشمن عناصر کے تدارک کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن

گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی

عارف والا (امیر احمد خان سے) صحت دشمن عناصر کے تدارک کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن!! گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی، 2300 سے زائد خراب انڈے موقع پر تلف کر دیے گئے، بھاری مقدار میں مشینری سیل کر لی گئی، بیکری کی پروڈکشن بند اور گاڑی مالک کو 20 ہزار روپے جرمانہ عائد تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی عمل میں لائی۔ گاڑی میں ٹوٹے انڈوں کی بھاری مقدار پائی گئی۔ بیکری کو خوراک کی تیاری میں خراب انڈوں کا استعمال کرنے پر کام سے روک دیا گیا۔ خوراک میں ٹوٹے، خراب انڈوں کا استعمال ممنوع ہے۔ انڈے ضائع کر کے بھاری مشینری سیل کر لی گئی۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ اشیاء خورونوش میں غفلت برتنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مزید کہنا تھا کہ خوراک کے کاروبار کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا۔

پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے Sho سٹی چونیاں ارشاد خاں پوری طرح متحرک

چونیاں (کھیل رپورٹر) پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے Sho سٹی چونیاں ارشاد خاں پوری طرح متحرک، پتنگ باز گرفتار پتنگ بازوں کی گرفتاری کیلئے شہر کے بڑے پلازوں کی چھتوں پر پولیس کی سپیشل ٹیمیں تعینات ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں کے حکم پر Sho سٹی چونیاں نے بھی پتنگ بازوں کے خلاف کمرکس لی سرکل افسران کی نگرانی میں پولیس اہلکار چھتوں پر تعینات ہیں چھتوں سے ڈرون کیمروں اور دوربین سے فضائی نگرانی اور سرویلنس کی جاتی رہی جو پتنگ اڑائے گا، بنائے گا یا فروخت کرے گا برصورت جیل جائے گا۔ پتنگ بازی پر چونیاں پولیس زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے عملی اقدامات کر رہی ہے پتنگ بازی خونی کھیل ہے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ایس ایچ او ارشاد خاں والدین اپنے بچوں کو سختی سے اس خونی کھیل سے دور رکھیں

کیری ڈبہ میں تصادم کے نتیجہ میں 16 سالہ لڑکی سمیت دو افراد جاں بحق

میاں چنوں (کھیل رپورٹر) افسوسناک واقعہ پیش آیا، نیشنل ہائی وے محسن وال کے قریب ٹرالر اور کیری ڈبہ میں تصادم کے نتیجہ میں 16 سالہ لڑکی سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ بچوں سمیت 9 افراد زخمی ہو گئے، متاثرین کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھے تفصیلات کے مطابق میاں چنوں نیشنل ہائی وے محسن وال کے قریب افسوس ناک واقعہ پیش آیا جہاں ٹرالر اور کیری ڈبہ میں تصادم ہوا

پتوکی 19 سالہ لڑکے نے گلے پھندا لیکر خودکشی کر لی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی 19 سالہ لڑکے نے گلے پھندا لیکر خودکشی کر لی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی تھانہ صدر پھولنگر کی حدود لمبے جاگیر میں 19 سالہ محمد اشتیاق نے گھر میں پھندا لگا کر خودکشی کر لی پولیس کے مطابق متوفی نشے کا عادی تھا اور بیوی کو طلاق دے رکھی ہے۔

صحت دشمن عناصر کے تدارک کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن

گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی

عارف والا (امیر احمد خان سے) صحت دشمن عناصر کے تدارک کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن!! گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی، 2300 سے زائد خراب انڈے موقع پر تلف کر دیے گئے، بھاری مقدار میں مشینری سیل کر لی گئی، بیکری کی پروڈکشن بند اور گاڑی مالک کو 20 ہزار روپے جرمانہ عائد تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال کالونی عارفوالا میں گاڑی کی چیکنگ اور بیکری پر کارروائی عمل میں لائی۔ گاڑی میں ٹوٹے انڈوں کی بھاری مقدار پائی گئی۔ بیکری کو خوراک کی تیاری میں خراب انڈوں کا استعمال کرنے پر کام سے روک دیا گیا۔ خوراک میں ٹوٹے، خراب انڈوں کا استعمال ممنوع ہے۔ انڈے ضائع کر کے بھاری مشینری سیل کر لی گئی۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ اشیاء خورونوش میں غفلت برتنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مزید کہنا تھا کہ خوراک کے کاروبار کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہوگا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب عوامی فلاحی اور انکی تعمیر وترقی کے تاریخ ساز منصوبوں پر عمل پیرا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب بیک وقت عوامی سہولیات کے لیے کئی پراجیکٹ پر کام کروا رہی ہے

قصور () مسلم لیگ ن کے ایم پی اے و چیئرمین شکایات سیل حاجی محمد نعیم صفدر انصاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب عوامی فلاحی اور انکی تعمیر و ترقی کے تاریخ ساز منصوبوں پر عمل پیرا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب بیک وقت عوامی سہولیات کے لیے کئی پراجیکٹ پر کام کروا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حالیہ مہینوں میں صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ ان میں سے چند نمایاں درج ذیل

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بعد اس سے ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تبدیلی نام

میں نے اپنی بیٹی لائبہ افضال رجسٹریشن نمبر 2-35202-7991957 کا نام تبدیل کر کے لائبہ افضال رکھ دیا ہے اس سے ماہ سابقہ اس کے نام کے ہمارے یا کسی اور سرکاری ڈاکومنٹ سے کوئی دعویٰ نہیں رہا۔

افضال ولد فخر الدین سابق سکان نمبر 6 پی نمبر 25 ایم پی ایس پاک پی پاک اون الاہور

تبدیلی

1

الاوانی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے حلیفی وفد نے کہا ہے کہ ہم حکومت کے ساتھ ہیں وفاق کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ حکومت کے ساتھ اسٹاف ورکنگ کمیٹی کے درمیان تکنیکی مذاکرات اور آئی ایم ایف کے درمیان تکنیکی مذاکرات کا آغاز ہوگیا۔ آئی ایم ایف کے مطابق ورکنگ پر ذاکرات مثبت رہے۔ آئی ایم ایف نے کہا کہ تکنیک ٹیکنیکل ٹیکنیک پر مذاکرات مثبت رہے، آئی ایم ایف اور وفاقی اور صوبائی حکام نے کہا کہ ٹیکنیکل ٹیکنیکل ٹیکنیکل پر مذاکرات مثبت رہے۔

پاکستان کے نظامِ صحت میں آنکھوں کے شعبہ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، خواجہ سلمان رفیق

ہماری مشترکہ کاوشوں سے ڈیجیٹل ریٹینو پیتھی سکریننگ، ریٹینو پیتھی آف پریٹی میچورٹی ڈیجیٹل ریٹینو پیتھی سکریننگ اور لوو ویژن ری ہیبلی ٹیشن کے پروگرامز میں وسائل بہتری آئی ہے

حکومت پنجاب محکمہ ہیلتھ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے ذریعے صحت کے شعبہ میں تاریخی اور انقلابی اقدامات انجام دے رہی ہے، صوبائی وزیر صحت کی گفتگو

کتابوں سے دوستی زندگی میں کامیابی کا سب سے آسان راستہ ہے، کتابوں کے کلچر کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی کا افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں انٹی ٹیوٹ آف آنکھ اور علوم ویژن سائنسز کے 40 سال اور کالج آف آنکھ اور علوم ویژن سائنسز کے 25 سال مکمل ہونے کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے تقریب سے قبل علیحدگی میں میڈیا سے بھی گفتگو کی۔ تقریب میں ڈائس پر پروفیسر محمود ایاز، پروفیسر اسد اسلم خان، پروفیسر ابرار اشرف، پروفیسر مدثر مبشر ملک، پروفیسر محمد محسن، ڈاکٹر مہر ملک، پروفیسر ناصر چوہدری، مزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4 8)

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں فری آئی موبائل وین کا افتتاح کر دیا ہے

لاہور، پولیس اہلکاروں کی جانب سے قیدی کیلئے خصوصی دعوت کا انکشاف

سب انسپکٹر کی مدعیت میں دو اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج، جراسمہ میں لے لیا گیا

اہلکاروں نے قیدی کی غیر قانونی طور پر اہل خانہ سے ملاقات کروانے کا انتظام کیا

لاہور (این این آئی) سروسز ہسپتال لاہور میں پولیس اہلکاروں کی جانب سے قیدی کے لیے خصوصی دعوت کے اہتمام کا انکشاف ہوا ہے۔ لاہور پولیس نے بتایا کہ انکوائری کے بعد اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی۔ ذرائع کے مطابق سروسز ہسپتال میں مقدمہ درج کرایا گیا، قتل کے مقدمے میں کوٹ لکھپت جیل میں قید ملزم کو طبی امداد کے لیے سروسز ہسپتال لایا گیا تھا۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا کہ اہلکاروں نے قیدی کی غیر قانونی طور پر اہل خانہ سے ملاقات کروانی تھی، ملزمان نے قیدی کے گھر دعوتِ افطار کا انتظام کیا، ملزمان نے قیدی کو افطاری کے بعد دعوت کا جھانسہ دیا، شبہ ہے پولیس نے ملزم اس دوران فرار ہو سکتا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

تاندلیانوالہ، فیصل آباد، آٹی جی پنجاب نے شہید ہیڈ کانسٹیبل محمد عمران کے ورثاء کو گھر فراہم کر دیا

کھوکھر (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس شہداء کے اہل خانہ کیلئے اپنی چھت کی فراہمی کا مشن جاری ہے، جس کے تسلسل میں انہوں نے فرض کی راہ میں شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس اہلکار کی فیملی کو گھر دے دیا ہے۔ شہید ہیڈ کانسٹیبل محمد عمران کے اہل خانہ کو 10 کرنال 35 مرلہ کا رہائشی پلاٹ کے گھر دے دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء میں بھینس دودھ مقابلہ میں نیا ورلڈ ریکارڈ قائم

نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء وزیراعلیٰ محترمہ مریم نواز کے ویژن کے تحت کروایا گیا، محکمہ لائیو سٹاک کی محنت رنگ لے آئی

صوبہ بھر سے تقریباً 66 بھینسوں سمیت 68 ساہیوال اور چولستانی گائیوں میں کانٹے دار مقابلہ دیکھنے کو ملا، محکمہ لائیو سٹاک کی محنت رنگ لے آئی

لاہور (خبر نگار) جیلانی پارک لاہور میں نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو کے تحت دودھ مقابلہ کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک سردار عاصم نیر مگن نے سیکرٹری لائیو سٹاک عاقب علی عطیل کے ہمراہ بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل توسیع نے پارلیمانی سیکرٹری کو پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب میں بریڈر ایسوسی ایشن کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بھینس دودھ مقابلہ میں ورلڈ ریکارڈ بنانے پر پارلیمانی سیکرٹری نے سیکرٹری لائیو سٹاک کو قیمتی عطیل کو سہارا کوپ بش کی اور ان کی لائیو سٹاک سیکٹر کے لیے کاوشوں کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)





نیویارک سے دہلی جانیوالا امریکی طیارہ روم میں اتارا گیا

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے تلاشی لے کر طیارے کو کلیئر کر دیا

روم (این این آئی) نیویارک سے دہلی جانے والا امریکی ایئر لائن کا طیارہ اٹلی کے دارالحکومت روم میں اتار دیا گیا۔ فیرفلی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی ایئر لائن کے طیارے کو ممکنہ سیکیورٹی خدشات پر روم میں اتارا گیا ہے۔ امریکی ایئر لائن کا کہنا تھا کہ طیارے کی روم میں بحفاظت لینڈنگ ہوئی ہے۔ ایئر لائن کا کہنا تھا کہ طیارے کی روم میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے تلاشی لے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

امریکی ریاست ٹیکساس میں فائرنگ سے ایک اردنی اور ایک فلسطینی جاں بحق

مقتولین کی میں سے ایک اردنی شہری حمزہ المعانی اور دوسرا فلسطینی شہری سامد ریاض خنفر تھا

اور دوسرا فلسطینی شہری سامد ریاض خنفر تھا۔ ایک تیسرا شخص زخمی ہوگیا۔ عرب نیٹ ورک نے بتایا کہ امریکی پولیس کے مطابق حکام نے فائرنگ کی اطلاع پر پرکنز خاور کیا اور جائے وقوعہ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

قرآن پوری امت کیلئے راہِ نجات اور تمام دکھوں کا مداوا ہے، ضیاء الدین انصاری

قرآن کریم فوز و فلاح کا دائمی منشور اور رشد و ہدایت کا مثالی سرچشمہ ہے، جماعت اسلامی قرآن و سنت کے نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، ہمارا عزم اور حوصلہ بلند ہیں

کتابوں سے دوستی زندگی میں کامیابی کا سب سے آسان راستہ ہے، کتابوں کے کلچر کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی کا افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ قرآن پوری امت کیلئے راہِ نجات اور تمام دکھوں کا مداوا ہے۔ قرآن کریم فوز و فلاح کا دائمی منشور اور رشد و ہدایت کا مثالی ضابطہ حیات ہے۔ اس میں پورا نظام حیات عطا کیا گیا ہے جس میں ایک طرف حقوق اللہ کی بات کی گئی ہے تو دوسری طرف حقوق العباد کی ادائیگی پر زور دیا گیا ہے۔ قرآن پر عمل کر کے ہی ہم دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جماعت اسلامی کا پیغام جس پر عمل پیرا ہو کر انسانیت اپنا کھویا ہوا وقار اور گم شدہ متاع عزیز یعنی جنت بھی حاصل کر سکتی ہے۔ جماعت اسلامی کی دعوت کی بنیاد پر تشکیل پانے والی تنظیم الاخوان نے بھی دعوت کے نظام کے نفاذ کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، ہمارا عزم اور حوصلہ بلند ہیں۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4 9)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ لیس روڈ پر اسلامی مکتبہ تحریک منت کا افتتاح کر رہے ہیں

شیعب صدیقی اور ملک زمان نصیب سے عوامی نمائندوں کی ملاقاتیں

پکی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دلوانے کے لئے پنجاب اسمبلی میں آواز اٹھانے پر اظہار تشکر

استحکام پاکستان پارٹی اور تنظیمی سرگرمیوں کا محور و مرکز بن گئی ہے، پارٹی رہنماؤں کی گفتگو

آئی پی پی پنجاب کی تنظیم سازی کا عمل جاری، راجہ اظہر کو جوائنٹ سیکرٹری لاہور نامزد کر دیا گیا

لاہور (خبر نگار) آئی پی اے پی 149 شیعب صدیقی اور صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب نے بلدیاتی و سیاسی نمائندوں نے ملاقاتیں کی ہیں۔ آئی پی پی سیکرٹریٹ میں ہونے والی ان ملاقاتوں میں یوسی 119 مغلپورہ سے تعلق رکھنے والے عمران یوسف نے وفد کے ہمراہ حلقے کے مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ملاقات کے لئے آئے عوامی نمائندوں نے پنجاب اسمبلی میں پکی آبادیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)



حلقہ پی پی 149 سے بلدیاتی و عوامی نمائندوں کا صوبائی جنرل سیکرٹری و آئی پی پی اے شیعب صدیقی اور صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

فافن کی تازہ رپورٹ موجودہ انتخابی نظام پر سوالیہ نشان ہے، جاوید قصوری

فرسودہ نظام سے نجات حاصل اور شفافیت کو یقینی بنانا ہوگا جس پر تمام سیاسی جماعتیں اور قوم متفق ہو: گفتگو

ملک کا نظام جن لوگوں کے ہاتھوں میں ہے وہ اللہ کے باغی بندے ہیں‘ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ فافن کی تازہ رپورٹ جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ”پاکستان کے انتخابی نتائج گزشتہ دو دہائیوں سے بجتری کی جانب گامزن نہیں ہوئے، قومی و صوبائی اسمبلیاں ایک چوتھائی سے بھی کم جنرل و ورڈز میں جبکہ نصف ڈالے گئے ہیں“ جو کہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ قوم کا موجودہ انتخابی نظام پر سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ اس کو بحال کرنے کے لئے فرسودہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

پولیس کا اسٹریٹ کرمنلز کے ساتھ مبینہ مقابلہ، 2 ڈکوز زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان سے اسلحہ کے طور پر دو پستول، گولیاں، دو موبائل فون اور ایک موٹر سائیکل برآمد کی گئی

کراچی (این این آئی) شرفاء کالونی کے علاقے رضویہ قتادی کی حدود میں پولیس نے اسٹریٹ کرمنلز کے ساتھ مبینہ مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں دو ڈاکو شدید زخمی ہوئے جنہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ایس پی وسطی کے ترجمان کے مطابق پہ مقابلہ بھی منہ موڑ، جہانگیر آباد کے قریب ناکہ بندی کے پاس دورانِ گشت ہوا۔ پولیس کے مطابق دو طرفہ فائرنگ کے بعد دونوں ڈاکو شدید زخمی حالت میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی فرانسیسی سفیر سے ملاقات

مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور دیگر اقدامات بارے تفصیلی تبادلہ خیال

صوبائی حکومت اقلیتی طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں مالی مدد فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے ایک ویب آفس میں پاکستان میں فرانسیسی سفیر محترمہ لیس آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کا مقصد اقلیتی برادری اور فرانس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنا تھا، خاص طور پر مذہبی اقلیتوں، تعلیم اور ثقافتی تبادلوں میں تعاون پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران جانب سے جناب میں مذہبی اقلیتوں کے تحفظ اور رفادن و بہبود کے حوالے سے اہم شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے صوبے میں مذہبی رواداری، امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے حوالے سے حکومت کے عزم کا اظہار کیا اور فرانس جیسے بین الاقوامی شراکت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5 5)

رمضان کی آمد سے قبل ہی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کھوکھر (این این آئی) فیصل آباد میں رمضان کی آمد سے قبل ہی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا ہے تاہم دیگر شہروں کی طرح فیصل آباد میں بھی ضلعی حکومت اور انتظامیہ مہنگائی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہوگئی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق پیاز، ادرک، لہسن، کیونو، سیب، کیلا اور پھینگی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ سیب اور کیلا 400 روپے فی کلو سے 150 روپے درجن ہوگیا ہے، اسٹرابیری کی قیمت میں 100 سے 300 روپے تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

استحکام اور اعتماد کے سعودی عرب کو کاروبار کے لیے دوستانہ مقام بنا دیا، چوہدری سالک حسین

میاں (این این آئی) FII کانسٹی نیوٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین چوہدری سالک حسین نے میاں من موہن سنگھ سعودی نیشنل انویسٹمنٹ انیشی ایٹو کے دوران کہا ہے کہ عالم مغرب کی سطح پر سرمایہ کاری کرنے کے لیے آپ کو استحکام اور اعتماد کی ضرورت ہوتی ہے۔ استحکام اور اعتماد سے سعودی عرب کو کاروبار کے لیے دوستانہ مقام بنا دیا ہے، فری زون کے تنظیم چوہدری سالک حسین نے مزید کہا کہ کہ سرمایہ کار کا پیسا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

خیبر پختونخوا میں مقامی سطح پر منکی پاکس کی متفقی کا پہلا کیس رپورٹ

متاثرہ خاتون کا شوہر حال ہی میں ایک خلیجی ملک سے واپس آیا تھا، مریضہ ہسپتال منتقل

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں مقامی سطح پر منکی پاکس کا پہلا کیس سامنے آگیا، صوبائی شعبہ صحت اعشام خان کے مطابق خیبر پختونخوا میں مقامی سطح پر منکی پاکس کی متفقی کا پہلا کیس ہے، متاثرہ خاتون کا شوہر حال ہی میں ایک خلیجی ملک سے واپس آیا تھا، اعشام خان نے بتایا کہ مریضہ 18 فروری کو بخار، سر درد کی شکایت پر ہسپتال منتقل کیا گیا، 19 فروری کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

برطانیہ میں سعودی سفیر نے فلسطین کے لیے یک ریاستی حل مسترد کر دیا

شہزادہ خالد بن بندر نے سعودی مؤقف پیش کیا، روس، امریکہ مذاکرات زیر بحث آئے

لندن (این این آئی) برطانیہ میں سعودی عرب کے سفیر شہزادہ خالد بن بندر بن سلطان نے کہا ہے کہ ریاض کے اس مؤقف کی تصدیق کی ہے کہ مسئلہ فلسطین کے حل کے بعد ہی ریاستی سطح پر سفارتی تعلقات قائم ہوں گے۔ شہزادہ خالد بن بندر بن سلطان نے کہا کہ سعودی عرب کے مطابق اہم ای ایس ایف (شرقی اوسط و شمالی افریقہ) میں عالم گیر ٹیک ایس آر ایم کی تحریک کی پیرباتی میں عرب نیوز کے ایڈیٹر انچیف لیصل عباس کے ساتھ ایک پینل ڈسکشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

رمضان المبارک کی آمد سے قبل مہنگائی کو کنٹرول کیا جائے، جے یو آئی

حکومت رمضان سے قبل مہنگائی کی جن تلوار کو ختم کرے، عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ نعمان شیخوبٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم مولانا عبدالودود شاہد، صدر پلیڈرز فورم مولانا محمد اسحاق، صدر بار ایسوسی ایشن مولانا عبدالرحمان، صدر بار ایسوسی ایشن مولانا عبدالرحمان، صدر بار ایسوسی ایشن مولانا عبدالرحمان